www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 13 نومبر 2026ء، 2 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 199

ڈپلومیٹک انکلیو اسلام آباد کی اپ گریڈیشن تیزی سے جاری

گیٹ نمبر 2 پر جدید سمارٹ سکیورٹی سسٹم اور بلاکرز نصب، باؤنڈری وال کی تزئین و آرائش مکمل، سڑکوں کی کارپیٹنگ اور 10 فٹ چوڑے سائیکل و واکنگ ٹریکس کی تعمیر جاری

لینڈ اسکیپنگ، ہارڈ ٹیکلچر اور جدید اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب جلد مکمل کر کے ڈپلومیٹک کمیونٹی کو عالمی معیار کی سہولیات فراہم کی جائیں، چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی وزارت خارجہ اسلام آباد میں نائب وزیراعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ کیا اور اپگریڈیشن کے کاموں کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو ڈپلومیٹک انکلیو میں جاری تعمیر و مرمت، تزئین و آرائش اور اپ لفٹنگ کے کاموں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈپلومیٹک انکلیو کی اپگریڈیشن (بقیہ نمبر 1)

مرغ بانی کا مفت تربیتی کورس 16 نومبر سے شروع ہوگا

پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ شمس آباد میں تربیتی کلاسز 20 نومبر تک جاری رہیں گی

خواتین وحضرات 16 نومبر صبح ساڑھے 9 بجے تک درخواست جمع کرا سکتے ہیں

راولپنڈی (این ای این) پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ، مری روڈ، شمس آباد راولپنڈی کے زیر اہتمام عوام الناس کو مرغ بانی کے شعبے سے متعلق آگاہی اور تربیت فراہم کرنے کے لیے ایک ہفتہ پر مشتمل مفت تربیتی کورس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ تربیتی کورس (بقیہ نمبر 2)

گیس مہنگی کرنے کی درخواستیں اوگرا میں جمع

سوئی گیس کمپنیوں نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ رواں مالی سال یکم جولائی سے نافذ کرنے کی درخواست کی ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) سوئی ناردرن اور سوئی سدرن گیس کمپنیوں نے گیس کی اوسط قیمتوں میں اضافے کے لئے درخواستیں اوگرا میں جمع کرا دیں۔ سوئی گیس کمپنیوں نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ رواں مالی سال یکم (بقیہ نمبر 14)

انسداد اسموگ کارروائیاں تیز، صنعتی یونٹس پر جرمانے

پنجاب میں فضائی آلودگی کے بڑے ذرائع کے خلاف محکمہ تحفظ ماحولیات نے کارروائیاں تیز کر دیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فضائی آلودگی کے بڑے ذرائع کے خلاف محکمہ تحفظ ماحولیات نے کارروائیاں تیز کر دیں، رواں سال یکم جنوری سے 10 نومبر تک بھٹہ خشت کے معائنے گزشتہ سال کے مقابلے (بقیہ نمبر 13)

مسلح افراد کی فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق

دوسرے موٹر سائیکل پر سوار حملہ آوروں کی اندھا دھند فائرنگ، دونوں نے موقع پر دم توڑ دیا، تحقیقات شروع

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) نیو چاکرہ روڈ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے باپ بیٹے کو موت کے گھاٹ اتار دیا، دوہرے قتل کی لرزہ خیز واردات کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول باپ بیٹا (بقیہ نمبر 3)

موسمیاتی آفات سے نمٹنے کیلئے مؤثر اور منصفانہ اقدامات کے ساتھ ساتھ عالمی یکجہتی کو عملی اقدامات میں بدلنا ہوگا، وزیراعظم

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، وزیراعظم

مشکلات سے دوچار معیشتوں کیلئے سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری سمیت گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی لچک و موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہے

پاکستان ماحول دوست عملی اقدامات کے ذریعے مثال قائم کر رہا ہے، پانی کو کبھی بھی بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جانا چاہیے اور آبی معاہدوں پر ان کی حقیقی روح کے مطابق عملدرآمد ناگزیر ہے، شہباز شریف

انطالیہ (این ای این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی آفات سے نمٹنے کیلئے مؤثر اور منصفانہ اقدامات کے ساتھ ساتھ عالمی یکجہتی کو عملی اقدامات میں بدلنا ہوگا، مشکلات سے دوچار معیشتوں کے لیے سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری سمیت گرانٹ پر مبنی مالی معاونت اور موسمیاتی لچک و موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہے، پاکستان ماحول دوست عملی اقدامات کے ذریعے مثال قائم کر رہا ہے، پانی کو کبھی بھی بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جانا چاہیے اور آبی معاہدوں پر ان کی حقیقی روح کے مطابق عملدرآمد ناگزیر ہے۔ اقوام متحدہ کی موسمیاتی تبدیلی کانفرنس (کوپ 31) کے سربراہی اجلاس میں قومی بیان پیش کرتے ہوئے وزیراعظم نے 2025 میں پاکستان کے ضلع بونیر میں آنے والے تباہ کن سیلاب کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ایک نوجوان کا پورا گاؤں اس کی شادی سے صرف دو روز قبل سیلابی ریلے کی نذر ہو گیا اور شادی کی تیاریوں میں مصروف گھر ماتم کدے میں تبدیل ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ چند روز بعد انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی جنہوں نے اپنے گھر، روزگار اور پیاروں کو کھو دیا تھا، یہ دکھ ان خاندانوں کا ذاتی المیہ تھا تاہم اس کے پیچھے موجود خطرے کی علامات پوری دنیا کے لیے ایک انتباہ تھیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان سمیت ترقی پذیر دنیا کے کروڑوں لوگوں کی کہانی ہے جن کا موسمیاتی تبدیلیوں میں حصہ سب سے کم ہے لیکن اس کے سنگین ترین نتائج انہیں بھگتنا پڑ رہے ہیں۔ وزیراعظم نے 2022 کے تباہ کن سیلاب کا (بقیہ نمبر 12)



انطالیہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف عالمی ماحولیاتی کانفرنس کاپ 31 کے لیڈرز سمٹ سے خطاب کر رہے ہیں



انطالیہ، وزیراعظم شہباز شریف سے ترک صدر رجب طیب اردوان ملاقات کر رہے ہیں

روڈ کٹنگ میں ٹریفک کی روانی کو یقینی اور کام کو جلد مکمل کیا جائے

راولپنڈی میں فائبر آپٹکس کیبل بچھانے کے منصوبوں کیلئے 21 اور 28 دن کی ڈیڈ لائن مقرر، روڈ کٹنگ کے بجائے جدید طریقہ کار اپنانے کی ہدایت

اقبال گیٹ تا شاہ کاف پل 18.20 کلومیٹر اور گندھارا گیٹ تا گھور کپور 29.50 کلومیٹر پر کام ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں روڈ کٹنگ کی اجازت اور کام کی تفصیلات سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نذارت علی، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن کاشف حسین و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے بتایا گیا کہ سمارٹ نیٹ کی جانب سے سکائی (بقیہ نمبر 1)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس 16 نومبر کو بلانے کا اصولی فیصلہ

سمری منظوری کے لیے ایوانِ وزیراعلیٰ کو ارسال، گورنر کی منظوری کے بعد حتمی نوٹیفکیشن جاری ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس 16 نومبر کو طلب کرنے کا اصولی فیصلہ کر لیا گیا۔ اجلاس بلانے کے لیے محکمہ قانون کی سمری چیف سیکرٹری آفس کے ذریعے (بقیہ نمبر 25)



انطالیہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے عالمی ماحولیاتی کانفرنس کاپ 31 کے موقع پر فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر اسٹب ملاقات کر رہے ہیں

قوم کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے جوان حقیقی ہیرو ہیں، عبدالعلیم

وفاقی وزیر کا کوہاٹ میں دہشت گردی واقعہ میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار

کوہاٹ (اے ایف پی) صدر اسٹیکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کوہاٹ میں دہشت گردی کے واقعے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔ عبدالعلیم خان نے ایکس پر اپنے پیغام میں خیبر پختونخوا پولیس کے شہدا (بقیہ نمبر 26)

چیئرمین نے منصوبے پر جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) کا 31 فیصد سے زائد کام مکمل، معیار اور شفافیت یقینی بنائی جائے، چیئرمین سی ڈی اے

منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے اطراف سے تجاوزات کے خاتمے کا آپریشن جاری، تکمیل سے ٹریفک دباؤ میں نمایاں کمی آئے گی

فیض آباد تا گلبرگ گرینز 9.3 کلومیٹر طویل تین رویہ سڑک اور انڈر پاس کی تمام 153 پائلز کا کام مکمل، سہیل اشرف کو بریفنگ



چیئرمین لینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کا دورہ کیا

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین لینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو منصوبے میں اینک ہونے والے ترقیاتی کاموں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مجموعی طور پر اینک منصوبے کے 31 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل کر لئے گئے ہیں اور اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کے تحت فیض آباد تا گلبرگ گرینز تک تقریباً 9.3 (بقیہ نمبر 10)

پی اے آر سی میں مستقل چیئرمین کی تعیناتی تاحال نہ ہو سکی

ملازمین تنخواہوں اور گریجویٹی کے بقایاجات سے محروم، انتظامی امور درہم برہم، مرتضیٰ حسین اندرابی بدستور عہدے پر موجود

دو بار انٹرویوز کے باوجود تقرری نہ ہو سکی، قائم مقام چیئرمین مرتضیٰ حسین اندرابی پانچویں توسیع کے منتظر



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (پی اے آر سی) میں مستقل چیئرمین کی تعیناتی کا معاملہ تاحال حل نہ ہو سکا، نئے چیئرمین کی تعیناتی کے لیے دو مرتبہ انٹرویوز ہونے کے باوجود تقرری کا عمل مکمل نہ کیا جا سکا۔ چیئرمین پی اے آر سی مرتضیٰ حسین اندرابی چار مرتبہ توسیع حاصل کرنے کے باوجود بدستور عہدے پر موجود ہیں اور اب ایک بار پھر پانچویں توسیع کے منتظر ہیں۔ قائم مقام چیئرمین مرتضیٰ حسین اندرابی کی چوتھی توسیع 2 ستمبر 2026 کو ختم ہو چکی ہے، تاہم پانچویں توسیع کا معاملہ تاحال زیر انتظار ہے۔ پی اے آر سی میں مستقل چیئرمین کی عدم موجودگی کے باعث ادارے کے انتظامی اور مالی معاملات بھی (بقیہ نمبر 9)

ڈپٹی کمشنر کا پیر ودھائی جنرل بس اسٹینڈ اپ گریڈ کرنے کا حکم

ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کی زیر صدارت آر ٹی اے کا اجلاس، دکانوں کے سب لیٹنگ معاہدوں پر نظر ثانی اور ای ٹکٹنگ نظام متعارف کرانے کی ہدایت

اڈے میں صفائی، سیکیورٹی، سی سی ٹی وی کیمروں اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے مقررہ مدت میں اقدامات یقینی بنائے جائیں، ڈی سی راولپنڈی



کراچی: ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے مجاہد اکبر خان اور ڈائریکٹر کراچی زون منتظر مہدی ترقی پانے والے افسران کو نئے عہدوں کے بیجز لگا رہے ہیں

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری آر ٹی اے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پیر ودھائی جنرل بس اسٹینڈ کی اپ گریڈیشن، مسافروں کو جدید سہولیات کی فراہمی، انتظامی و مالی امور اور شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ راولپنڈی میں پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت کو مزید بہتر بنانے کے (بقیہ نمبر 8)

دہشتگردوں نے بارود بھری گاڑی تھانے سے ٹکرا دی، قریبی مسجد شہید

پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار، علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

ڈی آئی خان (این این آئی) ڈی آئی خان میں دہشت گردوں نے بارود بھری گاڑی تھانے سے ٹکرا دی جس سے قریبی مسجد شہید اور عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ بندوبستی پولیس اسٹیشن ڈیرہ اسماعیل خان پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا، حملہ آوروں نے (بقیہ نمبر 4)

تربیلا ڈیم خرابی، حفاظتی اقدامات کے تحت ٹنل نمبر 5 میں آمد و رفت بند

ہری پور (اے ایف پی) تربیلا ڈیم کے توسیعی منصوبے کے ان ٹیک میں خرابی کے بعد حفاظتی اقدامات کے تحت ٹنل نمبر 5 میں آمد و رفت پر بند کر دی گئی۔ تربیلا ڈیم (بقیہ نمبر 15)

سینیٹر روبینہ خالد کی گورنر سٹیٹ بینک سے خصوصی ملاقات

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا نیا ادائیگی نظام فعال، اب خواتین پورے ملک میں کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ اور کسی بھی بینک سے اپنی رقم حاصل کر سکتی ہیں

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے اپنے نئے انٹرآپریبلٹی ادائیگی نظام کے تحت چھ شراکت دار بینکوں کے ذریعے مستحق خواتین کو پہلی قسط کی فراہمی کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے

اسلام آباد (این ای این) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا نیا ادائیگی نظام فعال۔ اب خواتین پورے ملک میں کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ اور کسی بھی بینک سے اپنی رقم حاصل کر سکتی ہیں۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے اپنے نئے انٹرآپریبلٹی ادائیگی نظام کے تحت چھ شراکت دار بینکوں کے ذریعے مستحق خواتین کو پہلی قسط کی فراہمی کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ اس اہم پیش رفت کے موقع پر چیئرپرسن بینظیر انکم (بقیہ نمبر 5)

کوہاٹ میں شہید 10 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی نے نماز جنازہ میں شرکت کی

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں شہید 10 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ پولیس اہلکار سونے کی غیر قانونی کان کنی کے خلاف گرینڈ آپریشن میں شہید ہوئے، فتنہ الخوارج اور جرائم پیشہ افراد نے پولیس پر چھپ کر حملہ کیا تھا۔ شہدا میں خیبر پختونخوا پولیس کے ڈی ایس پی اور اے ایس آئی بھی شامل ہیں، تمام شہدا کا تعلق ضلع کوہاٹ سے تھا۔ دہشتگردوں اور سیکیورٹی (بقیہ نمبر 16)

جناح ہسپتال کے قریب پر متعدد گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں

لاہور (این این آئی) کینال روڈ، جناح ہسپتال کے قریب پر متعدد گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔ کینال روڈ پر ایک کار ڈرائیور کے اچانک بریک لگانے کی وجہ سے حادثہ پیش آیا۔ تیز رفتار لین میں (بقیہ نمبر 17)

شفاف امتحانی نظام طلبہ کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود

امتحانی عمل میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد جاری، اُمیدواروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

امتحانی مراکز کے اچانک دورے، سی سی ٹی وی کیمروں، عملے کی حاضری اور اُمیدواروں کے بیٹھنے کے انتظامات کا جائزہ، کنٹرولر امتحانات مبشر سعید

راولپنڈی (این ای این) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ امتحان 2026ء حکومت پنجاب کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت شفاف، منصفانہ اور منظم انداز میں جاری ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ کی ہدایات کے مطابق تمام امتحانی مراکز کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ امتحانی عمل میں شفافیت برقرار رکھنے اور کسی (بقیہ نمبر 6)

رکشہ کی چین میں دوپٹہ پھنسنے سے 14 سالہ لڑکی جاں بحق

جہانیاں (این این آئی) جہانیاں میں کرکٹ سٹیڈیم کے قریب رکشہ کی چین میں دوپٹہ پھنسنے سے 14 سالہ لڑکی ایمان جان کی بازی ہار گئی۔ افسوسناک حادثے میں کم عمر لڑکی کا سر دھڑ سے جدا ہو گیا، حادثے نے علاقے کو سوگوار کر دیا، ریسکیو 1122 نے (بقیہ نمبر 19)

تربیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، تربیلا کے دو یونٹ بند ہو گئے

لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا

تربیلا (این این آئی) تربیلا اور منگلا ہائیڈل سسٹم میں تکنیکی خرابی، تربیلا کے دو یونٹ بند ہو گئے۔ تکنیکی خرابی کے سبب بجلی کی دستیابی میں کمی سے لاہور سمیت پنجاب اور ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کے شارٹ فال میں اضافہ ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 18)

پولیس کا رروائی، اہم دہشتگرد کمانڈر رسیف اللہ مارا گیا

خیبر (این این آئی) خیبر کے علاقے باڑہ میں پولیس کارروائی کے دوران اہم دہشتگرد کمانڈر سیف اللہ مارا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وقار احمد کے مطابق تھانہ باڑہ کی حدود شیخان پل میں دہشتگرد کمانڈر کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے کارروائی کی، اس دوران پولیس اور دہشتگرد کمانڈر کے درمیان فائرنگ (بقیہ نمبر 20)



انطالیہ: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سوڈان کی عبوری خود مختاری کونسل کے صدر جنرل عبدالفتاح البرہان ملاقات کر رہے ہیں

دھی رانی پروگرام نئے شادی شدہ جوڑوں کو باعزت زندگی کا آغاز فراہم کرنے کا ذریعہ ہے، عظمیٰ بخاری

کسی خاتون کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائیگی

بچی کو تھپڑ مارنا معمولی جرم نہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو بچوں نے ماں کا لقب دیا ہے

مریم نواز شریف صرف ترقیاتی منصوبوں نہیں، عوام کی خدمت اور فلاح کا بھی سوچتی ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دھی رانی پروگرام کے تحت لاہور میں 150 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور ایڈوائزر ٹو وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار بھی تقریب میں خصوصی طور پر شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت (بقیہ نمبر 7)



لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری دھی رانی پروگرام کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور معاون خصوصی علی ڈار بھی موجود ہیں

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ملاوٹ مافیا کے خلاف گھیرا تنگ

مندرہ جی ٹی روڈ پر ناکہ بندی کے دوران 1700 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی کے علاقہ مندرہ جی ٹی روڈ پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ایک دودھ بردار گاڑی کو روکا۔ موقع پر لیکوسین کے ذریعے دودھ کا ٹیسٹ کیا گیا تو فیٹ پورا ہونے کے باوجود ایس این ایف (بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس کا مال روڈ اور لوئر مال کا دورہ

ڈپٹی کمشنر مری اور دیگر افسران نے لوئر مال کی قصاب مارکیٹ کا بھی معائنہ کیا

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے بروز جمعرات مال روڈ کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز اور اسسٹنٹ کمشنر مری، میونسپل کارپوریشن آفیسر (CO) مری سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندگان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کا بنیادی مقصد مال روڈ پر جاری اندادِ (بقیہ نمبر 22)



وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال آئی ایم سی جی گولڑہ گرلز اسکول کے دورے کے دوران نوجوان طالبات سے بات چیت کر رہے ہیں

عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، جنید اقبال خان

ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ جنید اقبال خان کا ریونیو عملے سے تعارفی اجلاس

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ جنید اقبال خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور محکمہ صحت کے متعلقہ افسران جبکہ ضلعی انتظامیہ کے ریونیو عملے کے ساتھ الگ الگ تعارفی اجلاس منعقد ہوئے محکمہ صحت کے اجلاس کے (بقیہ نمبر 23)

بانی پی ٹی آئی نے نئے صوبے بنانے کی حمایت کر دی، پارٹی ذرائع

لطیف کھوسہ اور سلمان صفدر کی جیل میں ہونے والی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی

اسلام آباد (اے ایف پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ملک میں نئے صوبے بنائے جانے کی واضح حمایت کرتے ہوئے موقف اپنایا ہے کہ نئے صوبے بننے چاہئیں اور یہ اقدام ملک کے مفاد میں ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے لطیف کھوسہ (بقیہ نمبر 24)

دہشتگردی کیلئے مساجد استعمال کرنے والوں کا اسلام سے تعلق نہیں

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے عوام نے مساجد کو دہشت گردی کیلئے استعمال کرنے والے عناصر کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے لوگوں کا اسلام (بقیہ نمبر 28)

شدید دھند کے باعث موٹروے ایم 4 اور ایم 5 کے مختلف حصے بند

دھند کے موسم میں محفوظ سفر کے لیے صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک کا وقت موزوں ہے

لاہور (این این آئی) ملک کے مختلف علاقوں میں شدید دھند کے باعث موٹروے ایم 4 اور ایم 5 کے اہم حصوں پر ٹریفک کی آمد و رفت متاثر ہو گئی، موٹروے پولیس نے مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے متعدد سیکشنز بند کر دیئے ہیں۔ ترجمان موٹروے (بقیہ نمبر 27)

ABC Certified | WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مستقل بجلی بحران

ایک خبر کے مطابق ملک میں پن بجلی کی پیداوار میں کمی اور ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث بجلی کا شارٹ فال چار ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا ہے۔ پانی کے اخراج میں کمی کے باعث پن بجلی کا حصہ سات ہزار سے کم ہو کر چار ہزار میگاواٹ رہ گیا ہے' جبکہ ایل این جی سے چلنے والے چھ ہزار میگاواٹ صلاحیت کے پاور پلانٹس بھی بند پڑے ہیں' جس کے سبب مختلف علاقوں میں تین سے چار گھنٹوں کی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ ملک میں توانائی کے مستقل بحران کی بنیادی وجہ توانائی کے شعبے میں طویل مدتی منصوبہ بندی کا فقدان ہے۔ بجلی کی غیر متواتر فراہمی سے نہ صرف گھریلو صارفین بلکہ صنعتی شعبہ بھی شدید متاثر ہوتا ہے جس کے اثرات براہِ راست ملکی معیشت اور روزگار پر مرتب ہوتے ہیں۔

حکومت کو بجلی بحران پر قابو پانے کیلئے عبوری اور پائیدار' ہر دو طرح کے اقدامات پر توجہ دینی چاہیے۔ عبوری اقدامات میں پاور پلانٹس کو ایل این جی کی فراہمی کیلئے ہنگامی اقدامات کرنے چاہئیں جبکہ بحران کے پائیدار حل کیلئے بجلی کی طلب کا درست تخمینہ لگانے اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق پیداواری منصوبے ترتیب دینے کی ضرورت ہے۔ بجلی ملک کی معاشی ترقی' صنعتی سرگرمیوں اور عوامی زندگی کیلئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ حکومت کو ایسی جامع توانائی پالیسی تشکیل دینا ہوگی جو بجلی کی سستی پیداوار کیساتھ اس کی بلاتعطل فراہمی بھی یقینی بنا سکے۔

عوامی خدمت کا جذبہ ڈی پی او توقیر محمد نعیم کی پیشہ ورانہ قیادت قابلِ تحسین



تحریر: طارق محمود قاسمی

کسی بھی معاشرے میں پولیس کا بنیادی کردار صرف جرائم کی روک تھام اور قانون نافذ کرنا نہیں بلکہ عام شہری کو تحفظ عزت اور



انصاف کی فراہمی یقینی بنانا بھی ہے جب کسی محکمے کا سربراہ خود عوام کے درمیان بیٹھ کر ان کے مسائل سنتا ہے اور ان کے حل کے لیے فوری احکامات جاری کرتا ہے تو یہ طرزِ عمل عوام کے اعتماد میں اضافے کا سبب بنتا ہے سرگودھا پولیس کے سربراہ ڈی پی او توقیر محمد نعیم اسی عوام دوست سوچ کے تحت شہریوں کے مسائل کے حل اور فوری انصاف کی فراہمی کے لیے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں ان کھلی کچہریوں میں شہری براہ راست اپنے مسائل اور شکایات پیش کرتے ہیں جبکہ ڈی پی او صاحب خود ان کی بات سنتے اور متعلقہ افسران کو میرٹ پر فوری کارروائی کی ہدایات جاری کرتے ہیں بلاشبہ ایک عام شہری کے لیے سب سے بڑی خوشی یہ ہوتی ہے کہ اس کی فریاد سننے والا کوئی موجود ہو اسے دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں اور اس کی شکایت کو سنجیدگی سے لیا جائے ڈی پی او توقیر محمد نعیم کا شہریوں کے ساتھ براہِ راست رابطہ رکھنا اور ان کے مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی لینا ایک مثبت اور قابلِ تحسین اقدام ہے اج ضرورت اس امر کی ہے کہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مزید مضبوط بنایا جائے تھانوں میں آنے والے سائلین کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آیا جائے مظلوم کو انصاف ملے قانون کی بالادستی قائم ہو اور کسی بھی شہری کو اپنے جائز حق کے حصول کے لیے پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے ڈی پی او سرگودھا توقیر محمد نعیم کی جانب سے کھلی کچہریوں کا تسلسل اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ عوامی شکایات کا ازالہ پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے تاہم اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب ان کھلی کچہریوں میں موصول ہونے والی شکایات پر ہونے والی کارروائی کے نتائج بھی مسلسل سامنے آتے رہیں اور شہریوں کو حقیقی معنوں میں ریلیف ملے

ہم ڈی پی او توقیر محمد نعیم کی عوام دوست سوچ پیشہ ورانہ دلچسپی اور بہتر پبلک سروس ڈیلیوری کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہیں امید ہے کہ ان کی قیادت میں سرگودھا پولیس عوام کے تحفظ خدمت اور انصاف کی فراہمی کے حوالے سے مزید بہتر مثالیں قائم کرے گی

کیونکہ وردی کا اصل وقار طاقت کے اظہار میں نہیں بلکہ مظلوم کی دادرسی بے بس کی مدد اور عوام کے اعتماد کی حفاظت میں ہے۔

شیخوپورہ، فاروق آباد شاہراہ آخر کب تک انسانی زندگیوں کا نوحہ لکھتی رہے گی؟



تحریر: سدرہ شیخ (شیخوپورہ)

کیا کسی شاہراہ کو محفوظ بنانے کے لیے مزید گھروں کے چراغ بجھنے کا انتظار کیا جا رہا ہے؟ کیا کسی ماں کی گود اجڑنے، کسی باپ کے بڑھاپے کا سہارا چھننے اور کسی بچے کے یتیم ہونے کے بعد ہی متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہوگا؟ آخر انسانی جانوں کی قیمت کتنی ہے اور اس قیمت کا تعین کون کرے گا؟

شیخوپورہ سے فاروق آباد جانے والی شاہراہ آج ان سوالات کے درمیان کھڑی ہے، جن کا جواب محض سرکاری بیانات، روایتی یقین دہانیوں اور کاغذی منصوبوں سے نہیں دیا جا سکتا۔ یہ راستہ اب صرف دو شہروں کے درمیان آمدورفت کا ذریعہ نہیں رہا بلکہ روزانہ ہزاروں انسانوں کے لیے ایک آزمائش بن چکا ہے۔ یہاں سے گزرنے والا ہر شخص اپنے ساتھ کسی خاندان کی امیدیں، کسی ماں کی دعائیں، کسی بچے کے خواب اور کسی گھر کی خوشیاں لے کر نکلتا ہے۔ مگر اس سفر میں اسے منزل تک پہنچنے کی فکر سے زیادہ اپنی سلامتی کی فکر لاحق رہتی ہے۔

کسی شاہراہ کو مقامی لوگ جب خونی روڈ کہنا شروع کر دیں تو یہ محض ایک نام نہیں ہوتا، یہ انتظامی غفلت، بنیادی سہولتوں کی کمی اور انسانی زندگیوں سے وابستہ خدشات کی ایک تلخ داستان ہوتی ہے۔ اس نام کے پیچھے وہ گھر ہوتے ہیں جہاں کسی کے لوٹنے کا انتظار ہمیشہ کے لیے انتظار بن جاتا ہے۔ وہ مائیں ہوتی ہیں جن کی نظریں دروازے پر جمی رہ جاتی ہیں۔ وہ بچے ہوتے ہیں جنہیں شاید یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ان کے سر سے باپ کا سایہ کیوں اٹھ گیا۔ وہ خاندان ہوتے ہیں جن کی زندگی کا ایک لمحہ پوری زندگی کا دکھ بن جاتا ہے۔

اس شاہراہ کا ایک انتہائی تشویش ناک حصہ نبی پورہ انڈر پاس سے آگے شروع ہوتا ہے جہاں تعلیمی اداروں، اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور اکیڈمیوں کی موجودگی کے باعث ٹریفک کا دباؤ غیر معمولی ہو جاتا ہے۔ صبح کے وقت بستے اٹھائے بچوں کا ہجوم، اسکول وینز، چنگ چی رکشے، موٹر سائیکلیں، نجی گاڑیاں اور دوسری چھوٹی بڑی ٹرانسپورٹ ایک ہی سڑک پر جگہ بنانے کے لیے رواں دواں ہوتی ہیں۔ دوپہر اور شام کے اوقات میں بھی یہی صورت حال سامنے آتی ہے۔

ذرا اس منظر کو محسوس کیجیے۔ ایک ماں اپنے بچے کے یونیفارم کی شکنیں درست کرتی ہے، اس کے بستے میں کتابیں رکھتی ہے، ماتھے پر پیار دیتی ہے اور اسے تعلیم حاصل کرنے کے لیے رخصت کرتی ہے۔ اسے کیا معلوم کہ جس راستے پر اس کا بچہ اپنے مستقبل کے خواب لے کر جا رہا ہے وہاں ٹریفک کا دباؤ اور ناکافی گنجائش اس کے لیے کس قدر خطرناک صورت اختیار کر سکتی ہے۔ وہ بچہ کسی بڑے مطالبے کے لیے نہیں نکلتا، وہ صرف پڑھنے، سیکھنے اور اپنے خوابوں کی طرف بڑھنے نکلتا ہے۔ کیا ریاست اور انتظامیہ اس قدر بنیادی تحفظ بھی فراہم نہیں کر سکتیں؟

یہاں مسئلہ صرف گاڑیوں کی کثرت کا نہیں بلکہ سڑک کی گنجائش اور ٹریفک کے بے ہنگم بہاؤ کے درمیان بڑھتے ہوئے عدم توازن کا بھی ہے۔ موٹر سائیکلیں گاڑیوں کے درمیان سے راستہ تلاش کرتی ہیں، چنگ چی رکشے اچانک سمت تبدیل کرتے ہیں، بڑی گاڑیوں کی موجودگی چھوٹی گاڑیوں کے لیے مشکلات پیدا کرتی ہے اور پیدل چلنے والوں کو محفوظ گزرگاہ میسر نہ ہونے کے باعث اپنی جان خطرے میں ڈال کر سڑک عبور کرنا پڑتی ہے۔ یہ صورت حال کسی ایک فرد کی پریشانی نہیں بلکہ ایک اجتماعی مسئلہ ہے، جس کا حل محض ڈرائیوروں کو احتیاط کی نصیحت کرنے سے ممکن نہیں۔

آخر سوال یہ ہے کہ جب آبادی بڑھ رہی ہے، تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، تجارتی سرگرمیاں پھیل رہی ہیں اور روزانہ سفر کرنے والوں کی تعداد بڑھ رہی ہے تو شاہراہ کی گنجائش بڑھانے کے لیے کیا کیا گیا؟ کیا ترقی صرف نئی عمارتیں کھڑی کرنے، نئے ادارے قائم کرنے اور نئی آبادیاں بسانے کا نام ہے؟ کیا ان سب کے لیے بنیادی سہولتوں کی فراہمی کسی کی ذمہ داری نہیں؟ کیا متعلقہ محکموں کو یہ نظر نہیں آتا کہ ایک ہی راستے پر بڑھتی ہوئی ٹریفک کس قدر دباؤ پیدا کر رہی ہے؟

یہ شاہراہ صرف طلبہ کا راستہ نہیں۔ اس سے گزرنے والا کوئی مزدور ہے جو صبح اپنے بچوں کے لیے روٹی کمانے نکلتا ہے، کوئی ملازم ہے جو وقت پر دفتر پہنچنے کی کوشش کرتا ہے، کوئی مریض ہے جسے علاج کے لیے جانا ہوتا ہے اور کوئی باپ ہے جو شام کو اپنے گھر والوں کے درمیان واپس پہنچنے کی خواہش رکھتا ہے۔ ہر مسافر کسی نہ کسی گھر کی زندگی کا اہم حصہ ہے۔ کسی حادثے کا دکھ صرف متاثرہ شخص تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات کئی زندگیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔

مگر افسوس کہ ہمارے ہاں اکثر کسی مسئلے کی سنگینی اس وقت تسلیم کی جاتی ہے جب نقصان ہو چکا ہوتا ہے۔ حادثے کے بعد تعزیت کے پیغامات آتے ہیں، افسوس کا اظہار ہوتا ہے، چند روز تک تشویش ظاہر کی جاتی ہے اور پھر زندگی اپنے معمول پر لوٹ جاتی ہے۔ لیکن جس گھر کا چراغ بجھ چکا ہوتا ہے وہاں زندگی کبھی اپنے معمول پر نہیں لوٹتی۔ وہاں ایک کرسی خالی رہ جاتی ہے، ایک آواز ہمیشہ کے لیے خاموش ہو جاتی ہے اور ایک انتظار ایسا شروع ہوتا ہے جس کی کوئی آخری تاریخ نہیں ہوتی۔

کیا انتظامیہ کی ذمہ داری صرف حادثے کے بعد کارروائی کرنا ہے یا حادثات کے امکانات کم کرنے کے لیے پہلے سے اقدامات کرنا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے؟ کیا محکمہ شاہرات کا کام صرف سڑکوں کی تعمیر اور مرمت تک محدود ہے؟ کیا ٹریفک پولیس کی ذمہ داری صرف چالان کرنے تک ہے یا اسے ٹریفک کی منصوبہ بندی، روانی اور شہریوں کے تحفظ میں بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے؟ اور سب سے اہم سوال یہ کہ اگر متعلقہ اداروں کو اس شاہراہ کے مسائل کا علم ہے تو پھر اب تک مؤثر پیش رفت کیوں دکھائی نہیں دیتی؟

حکومت پنجاب، ضلعی انتظامیہ، محکمہ شاہرات اور ٹریفک پولیس کو اب اس معاملے کو معمول کی شکایت سمجھ کر نظر انداز کرنے کے بجائے اسے انسانی جانوں کے تحفظ کا سنجیدہ مسئلہ تسلیم کرنا ہوگا۔ شیخوپورہ، فاروق آباد شاہراہ کا تکنیکی اور ٹریفک سروے کیا جائے۔ موجودہ گنجائش، روزانہ ٹریفک کے دباؤ اور مستقبل کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے اسے دو رویہ کرنے کا باقاعدہ منصوبہ بنایا جائے۔ اس منصوبے کے لیے فنڈز، منظوری اور تعمیراتی مراحل کے حوالے سے واضح حکمت عملی سامنے لائی جائے تاکہ شہریوں کو محض وعدے نہیں بلکہ عملی پیش رفت دکھائی دے۔

جب تک مستقل توسیع کا منصوبہ مکمل نہیں ہوتا، اس وقت تک عبوری اقدامات بھی فوری طور پر ضروری ہیں۔ تعلیمی اداروں کے اوقات میں ٹریفک اہلکاروں کی تعیناتی، رفتار کو قابو میں رکھنے کے مؤثر انتظامات، مناسب سائن بورڈز، پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ گزرگاہیں، ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد اور بھاری گاڑیوں کی آمدورفت کی مناسب نگرانی یقینی بنائی جائے۔ یہ کوئی غیر معمولی مطالبات نہیں بلکہ شہریوں کی بنیادی سلامتی سے متعلق تقاضے ہیں۔

یہ بھی پوچھنا ضروری ہے کہ کیا کسی بڑے حادثے کے بعد ہی اس شاہراہ کو حکومتی ترجیحات میں جگہ ملے گی؟ کیا کسی طالب علم کے ساتھ پیش آنے والا المیہ اس وقت زیادہ اہم ہوگا جب اس کی خبر اخبارات کی سرخی بن جائے گی؟ کیا کسی مزدور کے گھر میں ماتم برپا ہونے کے بعد ہی یہ احساس پیدا ہوگا کہ سڑک کی گنجائش ناکافی تھی؟ آخر وہ کون سا مرحلہ ہے جہاں پہنچ کر انسانی زندگی انتظامی ترجیحات میں شامل ہوگی؟

شیخوپورہ اور فاروق آباد کے شہری کوئی شاہانہ سہولت نہیں مانگ رہے۔ وہ کسی کے خلاف محاذ آرائی نہیں کر رہے۔ ان کا مطالبہ نہ سیاسی ہے نہ ذاتی مفاد پر مبنی۔ وہ صرف ایک ایسی شاہراہ چاہتے ہیں جہاں سے ان کے بچے اسکول جا سکیں، ان کے بزرگ سفر کر سکیں، ان کے گھر کے کفیل روزگار کے لیے نکل سکیں اور ہر مسافر اپنی منزل تک پہنچنے کے بعد اپنے گھر والوں کے درمیان خیریت سے واپس لوٹ سکے۔

ترقی کے بڑے بڑے دعوے اپنی جگہ، مگر ایسی ترقی کا کیا فائدہ جس کے راستوں پر انسان خود کو غیر محفوظ محسوس کرے؟ تعلیمی اداروں کی عمارتیں بلند ہوتی رہیں اور ان تک پہنچنے والے راستے خطرات سے بھرے رہیں تو یہ کیسا ترقیاتی تصور ہے؟ نئی آبادیاں بستی رہیں اور ان کے لیے بنیادی سفری سہولتیں فراہم نہ ہوں تو منصوبہ بندی کے دعوے کس بنیاد پر کیے جا رہے ہیں؟

یہ شاہراہ اب مزید وعدوں، رسمی جائزوں اور فائلوں میں دفن منصوبوں کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ اس کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہوگا۔ متعلقہ حکام کو شہریوں کے سامنے جواب دہ ہونا چاہیے کہ دو رویہ شاہراہ بنانے کے لیے اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں اور آئندہ عملی پیش رفت کب تک متوقع ہے۔

یاد رکھیے، سڑک پر سفر کرنے والا انسان محض ایک گاڑی کا حصہ یا ٹریفک کا ایک عدد نہیں ہوتا۔ وہ کسی ماں کی دعا، کسی باپ کا سہارا، کسی بہن کا بھائی، کسی بچے کا مستقبل اور کسی خاندان کی پوری کائنات ہوتا ہے۔ جب وہ گھر سے نکلتا ہے تو اس کے پیچھے کئی آنکھیں اس کی واپسی کی منتظر ہوتی ہیں۔ اگر وہ واپس نہ لوٹے تو صرف ایک مسافر نہیں کھوتا، ایک گھر اپنی ہنسی، ایک خاندان اپنا سہارا اور کئی زندگیاں اپنا سکون کھو دیتی ہیں۔

اب وقت آ گیا ہے کہ حادثات کے بعد تعزیتی بیانات جاری کرنے کے بجائے حادثات سے پہلے انسانی جانوں کے تحفظ کا بندوبست کیا جائے۔ ماتم کرنے والے خاندانوں کو تسلی دینے سے بہتر ہے کہ ایسے حالات ہی پیدا نہ ہونے دیے جائیں جو کسی گھر کو عمر بھر کے ماتم میں مبتلا کر دیں۔


شیخوپورہ، فاروق آباد شاہراہ کو دو رویہ کیا جائے۔ یہ مطالبہ کسی آسائش، سیاسی رعایت یا ترقیاتی نمود و نمائش کا نہیں۔ یہ ان انسانوں کی زندگیوں کا سوال ہے جو ہر صبح اس شاہراہ پر سفر کرتے ہیں اور شام کو اپنے پیاروں کے درمیان واپس لوٹنا چاہتے ہیں۔

آخر کتنے مزید نوحوں کے بعد یہ شاہراہ محفوظ بنائی جائے گی؟

شوبز SHOWBIZ

معمر رانا کو ایک اور موقع دے دیں، نیئر اعجاز کی مہناز سے رشتہ بچانے کی اپیل

اگر مستقبل میں دوبارہ ایسے مسائل پیدا ہوتے ہیں تو وہ اپنے راستے الگ کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہیں



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار نیئر اعجاز نے معروف اداکار معمر رانا کی اہلیہ مہناز سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے شوہر کو ایک اور موقع دیتے ہوئے ان کے ساتھ صلح کر لیں۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے نیئر اعجاز نے معمر رانا کی ازدواجی زندگی میں پیدا ہونے والی صورتحال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس صورتحال کے ذمہ دار کسی حد تک خود معمر رانا ہیں کیونکہ انہیں اپنے رویے میں مزید پختگی اور سمجھداری کا مظاہرہ کرنا چاہیے تھا۔ نیئر اعجاز نے مہناز سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے شوہر کو ایک اور موقع دیں، اگر مستقبل میں دوبارہ ایسے مسائل پیدا ہوتے ہیں تو وہ اپنے راستے الگ کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہیں۔ اداکار نے معمر رانا کے اہل خانہ اور سوشل میڈیا صارفین سے بھی اپیل کی کہ وہ ان کے خلاف ایسے بیانات دینے سے گریز کریں۔

چینی جاسوسہ سے مبینہ تعلقات، اینویڈیا کے سربراہ پر میمز کی بھرمار

نیویارک (این این آئی) مصنوعی ذہانت کی معروف امریکی کمپنی اینویڈیا (Nvidia) کے ارب پتی سربراہ جینسن ہوانگ کے ایک خاتون سے تعلقات کی خبریں سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا پر دلچسپ میمز اور طنزیہ تبصروں کی بھرمار ہو گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جینسن ہوانگ کے چینی کاروباری خاتون ایلس ہوانگ سے مبینہ تعلقات نے اس وقت نیا رخ اختیار کیا جب خاتون پر چین کے لیے جاسوسی کرنے کے الزامات سامنے آئے۔ جینسن ہوانگ نے اپنی اہلیہ سے بے وفائی کا اعتراف کرتے ہوئے اہل خانہ سے معافی مانگی، تاہم خاتون کی مبینہ جاسوسی سے متعلق تحقیقات جاری ہیں۔ اس غیر معمولی معاملے نے انٹرنیٹ صارفین کو بھی دلچسپ تبصروں کا موقع فراہم کر دیا۔

درنجات کے ابوبکر جیسا شخص حقیقت میں بھی ہو سکتا ہے، اعجاز اسلم

ہمارے ڈرامے ہماری حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں، سینئر اداکار کی گفتگو



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار اعجاز اسلم نے بھی ڈرامہ سیریل درنجات کے مقبول کردار ابوبکر سے متعلق اپنی رائے کا اظہار کیا ہے درنجات اس وقت پاکستانی ٹیلی ویژن پر سب سے زیادہ دیکھے جانے والے ڈراموں میں سے ایک ہے، ڈرامے نے کئی بحثوں کو جنم دیا ہے اور ہمارے معاشرے میں ابوبکر جیسے کردار کی موجودگی ایک ایسا سوال بن گئی ہے جس پر ہر طرف خوب بحث ہو رہی ہے۔ بہت سے لوگوں کے مطابق ابوبکر کا کردار مکمل طور پر خیالی ہے اور حقیقت میں ایسا کوئی شخص وجود نہیں رکھ سکتا۔ اعجاز اسلم ایک منجھے ہوئے اداکار اور ڈرامہ انڈسٹری کے معروف ستارے ہیں وہ حال ہی میں ایف ایچ ایم پوڈکاسٹ میں مہمان کے طور پر شریک ہوئے، جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور مستقبل کے منصوبوں پر گفتگو کی۔ اس دوران ان سے درنجات کے کردار ابوبکر کے بارے میں بھی پوچھا گیا کہ کیا حقیقت میں ایسا کوئی شخص ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اس حوالے سے ان کا نقطہ نظر کافی دلچسپ ہے۔ اداکار نے کہا کہ ہمارے ڈرامے ہماری حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں لہٰذا ابوبکر جیسا شخص یقیناً حقیقت میں موجود ہو سکتا ہے، انہوں نے اداکارہ نادیہ افگن کے ایک بیان کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ اداکارہ نے بھی سوشل میڈیا پر لکھا تھا کہ ان کے شوہر بالکل ابوبکر جیسے ہی ہیں۔ ان کی اس بات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایسا شخص حقیقت میں وجود رکھ سکتا ہے۔

بالی ووڈ ستاروں کو سیکیورٹی خطرات،، عوامی مقامات سے دور رہنے کی ہدایت

ممبئی (این این آئی) بھارت میں معروف اداکار ٹائیگر شروف پر فائرنگ کے واقعے کے بعد ممبئی پولیس نے بالی ووڈ شخصیات کو سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر عوامی مقامات اور بڑے اجتماعات سے دور رہنے کی ہدایت کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی پولیس نے معروف اداکاروں کو پرہجوم مقامات پر جانے اور مداحوں سے ملاقاتوں میں احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے۔ گزشتہ ماہ ممبئی میں ٹائیگر شروف کی گاڑی پر تین مسلح افراد نے فائرنگ کی تھی جس کے نتیجے میں اداکار زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس نے واقعے میں ملوث تین مشتبہ حملہ آوروں کو گرفتار جبکہ سازش سے مبینہ طور پر تعلق رکھنے والے مزید 8 افراد کو حراست میں لیا تھا۔

سنیتا آہوجا گوونداسے تعلقات میں بہتری کیلئے پر امید

فی الحال وقت ہمارے حق میں نہیں ہے اور وقت سے لڑا نہیں جا سکتا، اداکار کی اہلیہ کی گفتگو



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار گوونداکی اہلیہ سنیتا آہوجا نے شوہر کے ساتھ مبینہ تعلقات اور طلاق کی افواہوں کے درمیان اپنے رشتے پر کھل کر بات کی ہے۔ بھارتی میڈیا کے ساتھ ایک حالیہ گفتگو میں سنیتا آہوجا نے ماضی کی دیوالی کے خوبصورت دنوں کو یاد کرتے ہوئے بتایا کہ گوونداماضی میں تہوار کے موقع پر ان کے لیے سونے کے زیورات اور قیمتی تحائف لایا کرتے تھے اور وہ سب مل کر شاپنگ پر جایا کرتے تھے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وہ اچھے دن جلد واپس آئیں گے۔ سنیتا آہوجا نے اپنے 40 سال پرانے رشتے کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا فی الحال وقت ہمارے حق میں نہیں ہے اور وقت سے لڑا نہیں جا سکتا۔ یہ 40 سال پرانی شادی ہے، یہ کیوں نہیں نبھے گی؟ ٹھیک ہے، وہ اپنی مرضی کا کام کر رہے ہیں۔

میرا کی والدہ چھوٹی بیٹی کی کینسر سے جنگ یاد کر کے آبدیدہ ہو گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ میرا کی والدہ اپنی چھوٹی بیٹی شائستہ کی کینسر کے باعث ہونے والی موت اور بیماری کے دوران برداشت کی گئی تکالیف کا ذکر کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئیں۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ایک ویڈیو میں میرا کی والدہ نے بتایا کہ شائستہ نے انتہائی بہادری سے کینسر کا مقابلہ کیا، تاہم بیماری کے باعث ان کی جسمانی حالت مسلسل خراب ہوتی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ شائستہ کا بایاں بازو مکمل طور پر کام کرنا چھوڑ چکا تھا جبکہ تین ماہ قبل شدید خون بہنے کے باعث انہیں ہنگامی طور پر اسپتال منتقل کرنا پڑا جس کے بعد وہ صحت یاب نہ ہو سکیں۔ اداکارہ کی والدہ نے بتایا کہ میرا اپنی چھوٹی بہن سے بے حد محبت کرتی تھیں اور لندن میں تعلیم کے دوران شائستہ کی فیس سمیت تمام اخراجات بھی خود برداشت کرتی رہیں۔

ارشدیپ سنگھ کا سمرین کور کے لیے پاکستانی گانے کا انتخاب

بالر نے ساؤنڈ ٹریک کے طور پر حمزہ ملک اور زین زوہیب کا رومانوی گانا الفاظ منتخب



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے فاسٹ بولر ارشدیپ سنگھ نے اپنی گرل فرینڈ سمرین کور کے لیے پاکستانی گانے کا انتخاب کیا جس کی پوسٹ وائرل ہو گئی۔ بھارتی فاسٹ بولر ارشدیپ سنگھ نے اپنی گرل فرینڈ، اداکارہ اور ماڈل سمرین کور کے ساتھ دیوالی منائی اور انسٹاگرام پر دونوں کی ایک خوبصورت تصویر شیئر کی۔ بھارتی فاسٹ بولر نے تصویر کے ساؤنڈ ٹریک کے طور پر حمزہ ملک اور زین زوہیب کا رومانوی گانا الفاظ منتخب کیا ہے۔ جولائی 2026 میں ریلیز ہونے والا یہ اردو اور پنجابی گانا سرحد کے دونوں جانب بے حد مقبول ہوا ہے۔ یہ گانا بھارت اور پاکستان میں اسپاٹی فائی گلوبل ٹاپ 50 فہرست میں بھی شامل ہو کر 39ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے۔

خلع کے بعد میرے پاس 200 روپے تھے، مایا خان

مرد شادیاں اور ٹارگٹ اسے لیے کرتے ہیں لڑکی انڈیپنڈنٹ ہے اس کے پاس پیسے ہیں

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان مایا خان نے سابق شوہر سے متعلق حیران کن انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ مایا خان نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں شرکت کی اور بتایا کہ سابق شوہر نے پہلے ماہ میں مجھ سے 50 لاکھ روپے لیے تھے اور جب میں نے خلع کی درخواست فائل کی تو میرے اکاؤنٹ میں صرف 200 روپے موجود تھے۔ مایا نے بتایا کہ 200 روپے سے میری اپنی کہانی دوبارہ شروع کی تھی، میں نے اپنی زندگی میں وہ جھٹکے کھائے کہ اللہ نے مجھے وہاں سے سکھایا کہ اگر تم 200 روپے سے شروع کر سکتی ہو تو کہیں سے بھی شروع کر سکتی ہو۔ اداکارہ نے کہا کہ مرد شادیاں اور ٹارگٹ اسے لیے کرتے ہیں کہ لڑکی انڈیپنڈنٹ ہے اس کے پاس پیسے ہیں اور اگر مجھ جیسی کسی لڑکی کو گھر بنانے کا شوق ہو، گھر میں رہنے کا شوق ہے تو کہتے ہیں کہ تم ٹی وی پر واپس کام کیوں نہیں کر رہیں، بھئی نہیں کرنا گھر چلانا، سجانا اور بنانا ہے تو اس طرح کی بھی عورتیں ہوتی ہیں لیکن انہیں مجبوری میں کام کرنا پڑتا ہے۔

سپورٹس SPORTS

25ویں نیشنل نیٹ بال چیمپئن شپ کا آغاز 23 دسمبر سے ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام 25ویں نیشنل مینز اینڈ ویمنز نیٹ بال چیمپئن شپ کا آغاز 23 دسمبر سے لیاقت جمنازیم، پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں ہوگا۔ پاکستان واپڈا اور کاسموپولیٹن اکیڈمکس بالترتیب مردوں اور خواتین کے مقابلوں میں اپنے، اپنے ٹائٹلز کا دفاع کریں گے۔ اس بات کا اعلان گزشتہ روز پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر محمد شین ملک نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے ملک بھر سے مختلف ڈیپارٹمنٹس، صوبائی اور ریجنل کی 15 ٹیموں کو مدعو کیا گیا ہے جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ریلوے، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پی این ایف اکیڈمی، کاسموپولیٹن اکیڈمکس، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کے مینیجرز کا اجلاس 22 دسمبر کو شام 4 بجے علامہ اقبال ہاسٹل، پاکستان اسپورٹس بورڈ میں منعقد ہوگا جس میں چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان اور قوانین کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ چیمپئن شپ کے سیمی فائنل مقابلے 24 دسمبر کو کھیلے جائیں گے۔

دوسری بے نظیر بھٹو شہید تھرو بال چیمپئن شپ 3 فروری سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور سندھ تھرو بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دوسری بے نظیر بھٹو شہید تھرو بال چیمپئن شپ 3 فروری سے کراچی شروع ہو گی۔ پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں مختلف بھر ڈیپارٹمنٹ، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشن کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی اور چیمپئن شپ کے فائنل مقابلے 5 فروری کو کھیلے جائیں گے جن کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

ون ڈے سیریز سے قبل آسٹریلیا اور انگلینڈ کے کپتانوں کا منفرد فوٹوشوٹ

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے سیریز سے قبل کپتانوں کا منفرد فوٹو شوٹ وائرل ہوگیا۔ آسٹریلوی کپتان مچل مارش اور انگلینڈ کے کپتان ہیری بروک کا فوٹو شوٹ پرتھ اسٹیڈیم میں پرتکلف چائے کی میز پر ہوا۔ دونوں ٹیموں کپتانوں نے چائے کا کپ ہاتھ میں پکڑ کر تصاویر بنوائیں، جبکہ تصاویر کے ساتھ کپ آف ٹی کے کیپشن نے فوٹو شوٹ کو وائرل کر دیا۔ دونوں کپتانوں نے اس موقع پر ٹرائی کی رونمائی بھی کی۔



نارووال: نیشنل ایجوکیشن کے زیر اہتمام سپورٹس گالا میں طلبہ رسہ کشی کے مقابلے میں شریک ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

کھلاڑیوں کے سنٹرل کنٹریکٹ کا اعلان ایک سے دو دن میں ہو جائے گا

عاقب جاوید نے ٹیم کی بہتری کیلئے ماسٹر پلان تیار کیا ہے، محسن نقوی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں کے سینٹرل کنٹریکٹس کو حتمی شکل دے دی گئی ہے جس اعلان ایک سے دو دن میں ہو جائے گا، مجھے اپنی ٹیم پر پورا یقین ہے، جو وہ فیصلہ کر رہے ہیں ٹھیک کر رہے ہیں، عاقب جاوید نے ٹیم کے لیے ماسٹر پلان تیار کیا ہے، جو حکمت عملی بنائی گئی ہے، اسے جاری رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ محسن نقوی نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے حوالے سے کہا کہ ہماری اکیڈمی بہت زبردست ہے اور نیشنل کرکٹ اکیڈمی کو بہترین بنانے کے لیے کام جاری ہے۔ کرکٹ کی بہتری کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ان منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اسکا کام 31 جنوری تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن رکھی ہے، یہاں نوجوان کھلاڑیوں تیار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر چیز پر مطمئن ہوں، ایک سال سے ٹیم کی پرفارمنس بہتر آ رہی ہے اور رزلٹ بھی بہتر ہو رہی ہے، تا حال کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں کر رہے جیسے ہی کی جائے گی، سب کو آگاہ کیا جائیگا، ہمارے پلیئرز میں جو کمیاں ہے اسکو یہاں ختم کرنیکی کوشش کریں گے۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ عاقب جاویدنے کرکٹ کی بہتری کے لیے ماسٹر پلان تیار کیا ہے اور اس حوالے سے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کھلاڑیوں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے بھی کام کیا جا رہا ہے۔

عالمی تھری آن تھری باسکٹ بال ٹورنامنٹ، سربیا کی ٹیم فاتح قرار

دبئی (این این آئی) دبئی میں پہلی مرتبہ منعقد ہونے والے فیبا تھری آن تھری باسکٹ بال ورلڈ ٹور میں سربیا کی ٹیم یوبی نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد جرمنی کی باسکٹس بون کو 19 کے مقابلے میں 20 پوائنٹس سے شکست دے کر چیمپئن شپ اپنے نام کر لی۔ دبئی فیسٹیول سٹی مال کے فیسٹیول بے میں منعقدہ دو روزہ عالمی مقابلوں میں 12 ممالک کی 14 ٹیموں نے شرکت کی جبکہ سربین ٹیم نے رواں سیزن میں اپنا چوتھا عالمی ٹائٹل حاصل کیا، 6 اور 7 نومبر کو منعقدہ ٹورنامنٹ کا اہتمام دبئی اسپورٹس کونسل نے عالمی باسکٹ بال تنظیم فیبا کی نگرانی اور متحدہ عرب امارات باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے تعاون سے کیا۔ یہ دبئی میں فیبا تھری آن تھری ورلڈ ٹور کا پہلا ایڈیشن تھا، جبکہ تین سالہ شراکت داری کے تحت 2028 تک دبئی میں اس عالمی ایونٹ کے انعقاد کا سلسلہ جاری رہے گا۔ فائنل مقابلے میں سربیا کی ٹیم نے ابتدا ہی سے جارحانہ کھیل پیش کرتے ہوئے 2 کے مقابلے میں 8 پوائنٹس کی برتری حاصل کی، تاہم جرمنی کی باسکٹس بون نے شاندار واپسی کرتے ہوئے مقابلے کو انتہائی دلچسپ بنا دیا۔ آخری لمحات میں دونوں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلہ ہوا، لیکن سربیا کی ٹیم ایک پوائنٹ کی برتری برقرار رکھتے ہوئے فاتح قرار پائی۔

SECP

SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

CAREER OPPORTUNITY

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), the apex regulator of Pakistan's capital markets and corporate sector, invites applications from qualified, result-oriented, and dynamic professionals with impeccable integrity and strong technical skills for the following position in the Information Security Department (ISD):

Deputy Director – Information Security GRC

Location	• Islamabad
Position	• 01
Qualification	• Master's or Bachelor's degree (equivalent to 16 years of education) in Cybersecurity, Computer Science, Information Technology, Software Engineering, Computer Engineering or other related disciplines from an HEC-recognized university/institute.
Experience	• Minimum six (06) years of post-qualification experience in Information Security GRC function.
Age Limit	• Maximum age should not exceed 40 years on the last date of submission of application. • Applicants who have at least three (3) years of work experience with a regulator will be given age relaxation of 5 years.

- Appointment shall be made on a contractual basis for a term of three (3) years, extendable on organizational need and performance. The Commission may consider regularization of this position after completion of three years, subject to fulfilment of the prescribed criteria.
- SECP encourages applications from female candidates, minorities, persons with different abilities, and candidates belonging to Balochistan, erstwhile FATA districts, Gilgit-Baltistan, and Azad Jammu & Kashmir (AJK).
- Only shortlisted candidates will be contacted for further assessment.
- Selection will be based on a multi-stage evaluation process.
- SECP reserves the right to cancel the recruitment and selection process at any stage.
- For detailed TORs and to apply, please visit: https://www.secp.gov.pk/careers/
- Applications must be submitted within fifteen (15) days of publication of the advertisement.
- Applications received after the due date will not be considered.

PID (I) 4360/26 Deputy Director – HR&TD
For any queries, please contact: +92 51 919 5444

بقیہ 1

کیلئے تعمیر ومرمت، تزئین وآرائش اور اپ لفٹنگ کا کام تیزی کیساتھ جاری ہے اور گیٹ نمبر 2 پر جدید اور سمارٹ سکیورٹی سسٹم نصب کیا گیا ہے۔ اسی طرح گیٹ نمبر 2 پر انڈر وہیکل سسٹم (Under Vehicle System) اور جدید بلاکرز بھی نصب کیے گئے ہیں۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ ان اقدامات سے ڈپلومیٹک انکلیو کی مجموعی سکیورٹی کو مزید مؤثر اور مضبوط بنایا جا سکے گا۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ڈپلومیٹک انکلیو کی باؤنڈری وال کی تزئین وآرائش (Renovation) کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔ اسی طرح ڈپلومیٹک انکلیو میں خستہ حال روڈ کارپیٹنگ کا کام تیزی کیساتھ جاری ہے جسکو جلد ہی مکمل کرلیا جائیگا۔ بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ ڈپلومیٹک انکلیو میں تقریباً 10 فٹ وسیع سائیکل اور واکنگ ٹریکس بھی تعمیر کئے جا رہے ہیں جس سے ڈپلومیٹک کمیونٹی اور رہائشیوں کو بہترین اور صحتمندانہ ماحول کیساتھ ساتھ تفریحی سہولیات بھی میسر آ سکیں گی۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ ڈپلومیٹک انکلیو میں لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام بھی تیزی کیساتھ کیا جا رہا ہے جس سے مجموعی طور پر ایریا کی خوبصورتی میں اضافہ کیساتھ سرسبز و شاداب اور ماحول دوست میسر آئیگا۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں مزید بتایا گیا کہ ڈپلومیٹک انکلیو میں مستقل بنیادوں پر جدید اور خوبصورت سٹریٹ لائٹس بھی نصب کی جا رہی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے ہدایت کی کہ اپگریڈیشن کے کاموں کی جلد تکمیل کیساتھ معیار کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپلومیٹک انکلیو کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے مزید کہا کہ ان اقدامات کا مقصد ڈپلومیٹک انکلیو کو اعلیٰ معیار کے مطابق بنانا اور یہاں موجود ڈپلومیٹک کمیونٹی اور رہائشیوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 2

16 نومبر سے 20 نومبر 2026 تک جاری رہے گا، جس کے اوقات کار صبح 9:30 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک ہوں گے۔ کورس میں شرکت کے خواہشمند خواتین و حضرات پولٹری ریسرچ انسٹیٹیوٹ سے درخواست فارم حاصل کر کے 16 نومبر 2026 کو صبح 9:30 بجے تک اپنی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق اس تربیتی کورس میں شرکت کی کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی جبکہ کورس کامیابی سے مکمل کرنے والے شرکاء کو سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 3

موٹرسائیکل پر سوار ہو کر گھر واپس جا رہے تھے کہ راستے میں دوسرے موٹرسائیکل پر سوار مسلح افراد نے انہیں گھیر کر فائرنگ کا نشانہ بنا ڈالا۔ گولیاں لگنے کے نتیجے میں دونوں باپ بیٹا موقع پر ہی دم توڑ گئے، جبکہ حملہ آور واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ابتدائی پولیس تحقیقات میں واقعے کو خاندانی دشمنی کا شاخسانہ قرار دیا جا رہا ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی، جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے اور قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ ادھر شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک ہی خاندان کے دو افراد کے قتل کی اس سنگین واردات نے علاقے میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔

بقیہ 4

تھانے کے گیٹ سے بارودی مواد سے بھری گاڑی ٹکرا دی۔ پولیس کے مطابق زوردار دھماکے سے تھانے کا گیٹ اور دیوار منہدم ہوگئی تاہم پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہوگئے۔ واقعہ میں تمام پولیس اہلکار محفوظ رہے جبکہ قریبی مسجد شہید اور گھروں کو بھی نقصان پہنچا۔ پولیس اور سکیورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ ایس پی پہاڑپور، ڈی ایس پی اور مقامی لوگوں نے دہشت گردوں کا تعاقب کیا، تاہم حملہ آور اندھیرے اور جنگل کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔

بقیہ 5

سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد سے خصوصی ملاقات کی، جس میں نئے نظام کے مؤثر نفاذ اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس نظام کو کامیاب بنانے کے لئے تعاون کرنے پر ان کا شکریہ بھی ادا کیا گیا۔ ملاقات میں ایڈیشنل سیکرٹری بی آئی ایس پی ڈاکٹر عصمت نواز بھی شریک تھے۔ نئے انٹرآپریبلٹی نظام کے تحت چھ بینکوں (حبیب بینک لمیٹڈ، HBL مائیکروفنانس بینک ایزی پیسہ، جیز کیش، بینک الفلاح اور بینک آف پنجاب) کی شمولیت سے اب مستحق خاندانوں کو اپنی مالی امداد کے حصول کے لیے کسی ایک ادارے تک محدود رہنے کے بجائے متعدد بینکنگ ذرائع میسر آ گئے ہیں۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام حکام کے مطابق آج سے شروع ہونے والی پہلی قسط کی تقسیم کا یہ عمل ادائیگیوں کے نظام میں شفافیت لانے، قطاروں اور کٹوتیوں کے خاتمے اور مستحقین کو باعزت طریقے سے رقوم کی منتقلی یقینی بنانے کی جانب ایک بڑا اقدام ہے۔ ملاقات کے دوران چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے اس نظام کی تشکیل اور چھ بینکنگ پارٹنرز کو اس نیٹ ورک کا حصہ بنانے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سرپرستی اور کلیدی کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ انٹرآپریبلٹی کے نفاذ سے مستحق خواتین کو اپنی سہولت اور انتخاب کے مطابق رقم وصول کرنے کی آزادی ملے گی، جس سے نہ صرف خدمات کا معیار بہتر ہوگا بلکہ ملک میں مالی شمولیت کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مستحق خواتین کی فلاح و بہبود اور مالی خودمختاری حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے اسٹیٹ بینک اور تمام شراکت دار مالیاتی اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ و تعاون جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 6

بھی قسم کی بے ضابطگی کی روک تھام کے لیے موبائل مانیٹرنگ ٹیمیں مسلسل فیلڈ میں متحرک ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین بورڈ نے کہا کہ امتحانی نظام کی شفافیت، میرٹ کا تحفظ اور اُمیدواروں کو بہترین امتحانی سہولیات فراہم کرنا بورڈ کی اولین ترجیحات ہیں۔ کسی بھی اُمیدوار کے ساتھ امتیازی سلوک یا امتحانی عمل میں کسی قسم کی بے ضابطگی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ افسران اور امتحانی عملے کو ہدایت کی گئی ہے کہ امتحانات کے انعقاد کو ہر لحاظ سے شفاف اور منصفانہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے امتحانی نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے ذریعے ہارڈ اور گرے امتحانی مراکز کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جبکہ موبائل ٹیمیں بھی مختلف مراکز کا دورہ کر کے امتحانی انتظامات اور ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنا رہی ہیں۔ دریں اثناء کنٹرولر امتحانات مبشر سعید نے امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026ء کے سلسلے میں مختلف امتحانی مراکز کے دورے کیے اور وہاں جاری امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دوروں کے دوران انہوں نے سی سی ٹی وی کیمروں کی فعالیت، امتحانی عملے کی حاضری، اُمیدواروں کے بیٹھنے کے پلان اور دیگر انتظامی امور کا معائنہ کیا۔ کنٹرولر امتحانات نے امتحانی عملے کو ہدایت کی کہ امتحانی ڈیوٹی پوری ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دی جائے اور حکومت پنجاب و تعلیمی بورڈ کی جانب سے جاری کردہ امتحانی ایس او پیز پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امتحانی مراکز میں نظم وضبط برقرار رکھنے، اُمیدواروں کو سازگار ماحول فراہم کرنے اور امتحانی عمل کی شفافیت کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر اور فیلڈ میں موجود موبائل مانیٹرنگ ٹیموں کے ذریعے امتحانی مراکز کی مسلسل نگرانی جاری ہے۔ کنٹرولر امتحانات نے مزید کہا کہ امتحانی عمل میں کسی بھی قسم کی غفلت، کوتاہی یا بے ضابطگی پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ امتحانات کے تقدس، شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جا سکے۔ *

بقیہ 7

المال سہیل شوکت بٹ سمیت اراکین اسمبلی اور متعلقہ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ تقریب میں یتیم، بے سہارا اور خصوصی بچیوں سمیت مستحق خاندانوں کی بیٹیوں کی شادیوں کا اہتمام کیا گیا۔ 21 اقلیتی جوڑوں کی شرکت بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور یکجہتی کا خوبصورت اظہار تھی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے تمام دلہا دلہن کو دو، دو لاکھ روپے کی سلامی اے ٹی ایم کارڈز کی صورت میں دی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بچوں نے ماں کا لقب دیا ہے۔ آج پنجاب کی وزیراعلیٰ ایک ماں، بیٹی اور بہن ہیں، جو صوبے کی بیٹیوں کے لیے ماں جیسی شفقت اور محبت کا عملی مظاہرہ کر رہی ہیں۔ مریم نواز شریف صرف ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں نہیں سوچتیں بلکہ عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود کو بھی اپنی ترجیحات میں شامل رکھتی ہیں۔ ان کے اقدامات کا مقصد سیاسی مفادات نہیں بلکہ عوام کی بہتری اور بھلائی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک ماں ہی قوم کی بیٹیوں کے مسائل اور ضروریات کو بہتر انداز میں سمجھ سکتی ہے۔ دھی رانی پروگرام کے ذریعے ان مستحق والدین کی بیٹیوں کے گھر بسائے جا رہے ہیں جو مالی وسائل کی کمی کے باعث اپنی بچیوں کی شادی کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے نئے شادی شدہ جوڑوں کو جہیز اور سلامی عزت واحترام کے ساتھ فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنی نئی زندگی کا آغاز باوقار انداز میں کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں کسی خاتون کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بچی کو تھپڑ مارنا معمولی جرم نہیں، کسی خاتون کو سرعام مارا جانے والا تھپڑ اس کے لیے زندگی بھر کا تکلیف دہ تجربہ بن سکتا ہے۔ خواتین کی عزت، وقار اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ازدواجی زندگی محبت، پیار، اتفاق اور باہمی احترام سے عبارت ہونی چاہیے۔ شوہر کو بیوی کی عزت کرنی چاہیے اور بیوی کو شوہر کا احترام کرنا چاہیے۔ جب کوئی شخص تیزی سے اچھے کام کرتا ہے تو اس کے دشمن بھی بڑھ جاتے ہیں، لیکن عوام کی خدمت کرنے والوں کو جھوٹ اور پروپیگنڈے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ دھی رانی پروگرام پنجاب حکومت کا ایک بڑا اور قابل تحسین منصوبہ ہے۔ اس تقریب میں شرکت کر کے خوشی ہوئی ہے۔ اجتماعی شادیوں جیسے اقدامات سے مستحق خاندانوں کی ایک بڑی پریشانی دور ہوتی ہے اور انہیں اپنی بیٹیوں کے گھر بسانے میں مدد ملتی ہے۔ ایسے فلاحی اقدامات معاشرے کے کمزور طبقات کے لیے عملی سہارا بنتے ہیں۔ ایڈوائزر ٹو وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک ماں کی طرح پنجاب کی بیٹیوں کے سروں پر دستِ شفقت رکھا ہے۔ دھی رانی پروگرام کے ذریعے ان والدین کا سہارا بنا جا رہا ہے جو مالی وسائل کی کمی کے باعث اپنی بیٹیوں کی شادی کے اخراجات برداشت کرنے سے قاصر ہیں۔ یہ پروگرام مستحق خاندانوں کی خوشیوں میں شریک ہونے اور ان کی مشکلات کم کرنے کا عملی ذریعہ ہے۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں دھی رانی پروگرام کامیابی سے جاری ہے اور اس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ رہے ہیں۔ گزشتہ دو سال کے دوران اس پروگرام کے تحت 8 ہزار مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادیاں کروائی جا چکی ہیں جبکہ رواں مالی سال پنجاب کے تمام اضلاع میں 5 ہزار اجتماعی شادیوں کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ حکومت مستحق خاندانوں کی خوشیوں میں شریک ہونے اور انہیں معاشی مشکلات سے نکالنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس تقریب میں دلہا دلہن اور ان کے اہل خانہ کے چہروں پر خوشی اور اطمینان نمایاں تھا۔ والدین نے مالی مشکلات کے باوجود اپنی بیٹیوں کی شادی کا خواب پورا ہونے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور پنجاب حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ سپیکر قومی اسمبلی، صوبائی وزراء اور دیگر معزز مہمانوں نے دلہا دلہن اور ان کے اہل خانہ کی نشستوں پر جا کر انہیں مبارکباد دی، سلامی کارڈ پیش کیے اور ان کے تاثرات بھی دریافت کیے۔ اس موقع پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر سائرہ عمر، ڈی جی سوشل ویلفیئر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سمیت محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران و ملازمین بھی موجود تھے۔

بقیہ 8

لیے 75 نئی الیکٹرک بسیں شامل کی جا رہی ہیں، جن کی سروس کل سے شروع ہو جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ نئی بس سروس کے آغاز کے پیش نظر پیرودھائی جنرل بس اسٹینڈ سمیت متعلقہ ٹرانسپورٹ مراکز پر ضروری انتظامات اور مسافروں کی سہولت کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے پیرودھائی جنرل بس اسٹینڈ کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کرنے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بس اسٹینڈ کی دکانوں کو اصل معاہدوں کے برخلاف سب لیٹ کرنے کے معاملات کا جائزہ لیا جائے اور ایسے تمام معاہدوں پر نظرثانی کرتے ہوئے قواعد وضوابط کے مطابق ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ بس اسٹینڈ کے انتظامی اور مالی معاملات کو شفاف بنایا جا سکے۔ انہوں نے مسافروں کی سہولت، آمدن کے نظام میں شفافیت اور ٹرانسپورٹ آپریشنز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ای ٹکٹنگ نظام متعارف کرانے کی ہدایت بھی کی۔ اس نظام کے ذریعے ٹکٹوں کے اجرا، کرایوں کی وصولی اور مسافروں کے سفری ریکارڈ کو منظم بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں بس اسٹینڈ کی صفائی ستھرائی، نکاسی آب، واش رومز، انتظار گاہوں، اسٹریٹ لائٹس، سی سی ٹی وی کیمروں، سکیورٹی اور تجاوزات کے خاتمے کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بس اسٹینڈ کے تمام حصوں میں صفائی اور نظم وضبط برقرار رکھا جائے، مسافروں کے راستے ہر قسم کی رکاوٹ سے پاک ہوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پیرودھائی جنرل بس اسٹینڈ کی بہتری کے لیے طے شدہ اقدامات پر مقررہ مدت میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور پیش رفت کی باقاعدگی سے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مقصد شہریوں کو محفوظ، منظم اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا اور راولپنڈی کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا ہے۔

بقیہ 9

متاثر ہونے لگے ہیں۔ مالی سال 26-2025 کے بجٹ میں منظور شدہ تنخواہوں میں اضافے کے بقایاجات تاحال ملازمین کو ادا نہیں کیے جا سکے، جس کے باعث حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین تنخواہوں اور پنشن میں اضافے کے بقایاجات سے محروم ہیں۔ اس کے علاوہ ایک سال سے زائد عرصے کے دوران ریٹائر ہونے والے ملازمین کو گریجویٹی کے بقایاجات بھی ادا نہیں کیے جا سکے، جس کے باعث ریٹائرڈ ملازمین کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ دوسری جانب پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کا بورڈ آف گورنرز بھی طویل عرصے سے تحلیل ہے اور تاحال اس کی نئی تشکیل عمل میں نہیں لائی جا سکی۔ بورڈ آف گورنرز کی عدم موجودگی کے باعث ادارے کے اہم مالی اور انتظامی فیصلے بھی تعطل کا شکار ہیں۔ مستقل چیئرمین اور بورڈ آف گورنرز کی عدم موجودگی کے باعث پی اے آر سی کے انتظامی و مالی امور چلانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ادارے میں مستقل سربراہ کی تعیناتی اور بورڈ آف گورنرز کی فوری تشکیل کا مطالبہ زور پکڑنے لگا ہے۔

بقیہ 10

کلومیٹر طویل دو طرفہ تین رویہ کیرج روڈ تعمیر کی جا رہی ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے کے مختلف سیکشنز پر بیک وقت تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے اور منصوبے کے اہم حصے انڈر پاس کی تعمیر پر بھی کام تیزی سے جاری ہے۔ انہیں بتایا گیا کہ انڈر پاس کی تمام 153 پائلز کا کام مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ ریمپ اے اور ریمپ بی ریٹیننگ والز کا کام تیزی کیساتھ جاری ہے۔ علاوہ ازیں، پلوں اور نکاسی آب کیلئے مختلف کلورٹس کا کام تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر ایکسپریس وے (ایسٹ) کے اطراف ہر قسم کی غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کیخلاف انفورسمنٹ آپریشن بھی جاری ہے جسکا مقصد منصوبے میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کر کے تعمیراتی کاموں کی بروقت تکمیل کو ممکن بنانا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) منصوبے میں تعمیراتی کاموں کی کوالٹی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ منصوبے کے تعمیراتی کاموں میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کیساتھ شفافیت اور رفتار کا خاص خیال رکھا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سروس روڈ (ایسٹ) کی تکمیل سے اسلام آباد ایکسپریس وے پر ٹریفک کے دباؤ میں نمایاں کمی آئیگی اور شہریوں کو ایندھن اور وقت کی بچت بھی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ منصوبے سے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ (ایسٹ) کے جڑواں شہروں میں رہنے والے رہائشیوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم ہونگی۔

بقیہ 11

47 فائبر آپٹکس کیبل بچھانے کے منصوبے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصہ کیپیٹل سمارٹ سٹی اقبال گیٹ تا شاہ کاف پل 18.20 کلومیٹر ہے۔ اس حصے پر کام مکمل کرنے کے لئے 21 دنوں کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح دوسرا حصہ کیپیٹل سمارٹ سٹی گندھارا گیٹ تا گھور کپور 29.50 کلومیٹر شامل ہے، اسے مکمل کرنے کے لئے 28 دنوں کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے کہا کہ حکومتی ادارے کاروباری افراد کے لئے آسانی فراہم کرنے کے لئے تیار ہیں تاکہ معیشت کا پہیہ چلتا رہے تاہم انہیں بھی اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ عوام کو تنگی نہ ہو۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مجوزہ قوانین اور ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ہائی وے ڈیپارٹمنٹ اس بات کو یقینی بنائے کہ کام ٹائم لائنز کے مطابق معیاری ہو۔ تعمیراتی سائٹس پر عوامی تحفظ کے تمام اقدامات کو مکمل کیا جائے اور تمام پٹس کی بیک فلنگ یقینی بنائی جائے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے مزید کہا کہ شہری علاقوں میں سڑکوں کی کٹائی سے عوام کو مشکلات اور ٹریفک مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے تمام متعلقہ محکمے روڈ کٹنگ سے قبل مکمل منصوبہ بندی اور باہمی رابطہ کاری کو یقینی بنائیں۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ جہاں ممکن ہو، روڈ کٹنگ کے بجائے تھرسٹ بورنگ، ڈکٹنگ اور دیگر متبادل جدید طریقہ کار اختیار کیے جائیں تاکہ سڑکوں کی سطح اور بنیادی ڈھانچے کو کم سے کم نقصان پہنچے۔

بقیہ 12

حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت پاکستان کا ایک تہائی حصہ زیرآب آ گیا تھا، 3 کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے، 1,700 سے زیادہ افراد جاں بحق ہوئے جبکہ معاشی نقصانات 30 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے تھے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ چار سال قبل اقوام متحدہ میں انہوں نے خبردار کیا تھا کہ پاکستان میں رونما ہونے والے واقعات پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے۔ بدقسمتی سے یہ اندیشہ اب حقیقت بن چکا ہے اور جس مستقبل کا خدشہ ظاہر کیا گیا تھا، وہ آج ہماری زندگیوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سرحدوں کے پابند نہیں اور کوئی بھی ملک تنہا ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا، اس لیے عالمی یکجہتی کا مطلب عملی اقدام ہونا چاہیے۔ وزیراعظم نے 2010 اور 2022 کے تباہ کن سیلابوں کے دوران پاکستان کا ساتھ دینے پر ترک صدر رجب طیب اردوان، خاتون اول امینہ اردوان اور ترک عوام کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی دوستی اور یکجہتی ہمیشہ پاکستانی عوام کے دلوں میں زندہ رہے گی۔

بقیہ 13

میں دوگنا سے زیادہ ہو گئے جبکہ صنعتی یونٹس پر عائد جرمانوں کی مالیت 10 کروڑ روپے سے بڑھ کر 21 کروڑ 69 لاکھ روپے سے تجاوز کر گئی۔ محکمہ تحفظ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق سیکرٹری ماحولیات سلوت سعید کی انتظامی نگرانی اور ڈی جی انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی پنجاب عبداللہ نیئر شیخ کی سربراہی میں صنعتی آلودگی، دھواں چھوڑنے والے بھٹوں، پلاسٹک جلانے، ریسٹورنٹس کے دھوئیں اور گرد وغبار کے خلاف کارروائیوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق یکم جنوری سے 10 نومبر 2026 تک صوبے میں 80 ہزار 594 بھٹہ خشت کی انسپکشن کی گئی جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں یہ تعداد 37 ہزار 838 تھی۔ رواں سال ایک ہزار 273 بھٹے مسمار کیے گئے جبکہ گزشتہ سال ایک ہزار 322 بھٹوں کے خلاف کارروائی کی گئی تھی۔ اسی طرح رواں سال 686 بھٹے سیل کیے گئے

بقیہ 14

جولائی سے نافذ کرنے کی درخواست کی ہے۔ سوئی ناردرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 10 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز دی ہے جس کے بعد اوسط قیمت 1702 روپے سے بڑھا کر 1712 روپے 40 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ دوسری جانب سوئی سدرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 366 روپے 75 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی درخواست کی ہے، درخواست میں اوسط قیمت 2071 روپے 75 پیسے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ 15

کے پانچویں توسیعی منصوبے کے ان ٹیک میں خرابی کے بعد ان ٹیک میں سوراخ بند کرنے کے لیے کام جاری ہے جہاں ہیوی واٹر پمپس کے ذریعے پاور ہاؤس سے پانی نکالا جا رہا ہے۔ واپڈا ذرائع کے مطابق پانی کا اخراج روکنے کے لیے ٹنل نمبر 5 کے سامنے ہیوی گیٹ لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور حفاظتی اقدامات کے تحت ٹنل نمبر 5 میں آمد ورفت بند کر دی گئی ہے۔ تربیلا ڈیم میں حفاظتی اقدامات کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے۔

بقیہ 16

فورسز کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 18 خارجی ہلاک ہوئے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دہشتگردوں کے حملے کی پُرزور مذمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے 10 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 17

اچانک بریک لگنے سے پیچھے آنے والی گاڑیاں بے قابو ہو گئیں۔ پانچ سے چھ گاڑیاں آپس میں ٹکرائیں، حادثے کا سبب بننے والی کار ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئیں۔ حادثے کے باعث متعدد گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 18

لیسکو میں شارٹ فال 800 میگاواٹ تک جا پہنچا، لاہور میں شام کے بعد 4 گھنٹے تک غیر اعلانی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔ غیر اعلانی لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان ہیں، جبکہ وزارت توانائی نے تمام کمپنیوں کو لوڈشیڈنگ شیڈول جاری کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔

بقیہ 19

موقع پر پہنچ کر لاش کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جہانیاں منتقل کر دیا۔

بقیہ 20

کا تبادلہ ہوا جس میں کمانڈر سیف اللہ مارا گیا۔

بقیہ 21

(SNF) کی مقدار مقررہ معیار سے انتہائی کم پائی گئی۔ ملاوٹ ثابت ہونے پر کارروائی کرتے ہوئے 1700 لیٹر ناقص اور غیر معیاری دودھ کو موقع پر ہی تلف کر دیا گیا اور پنجاب فوڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر گاڑی کے خلاف پچاس ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ شہریوں کو خالص دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے دودھ بردار گاڑیوں کی روزانہ کی بنیاد پر سخت چیکنگ کی جا رہی ہے جبکہ شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 22

تجاوزات آپریشن، بیوٹیفکیشن سکیم اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا معائنہ کرنا تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے جاری ترقیاتی کاموں کے معیار کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور کاموں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ دورے کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر مری اور دیگر افسران نے لوئر مال کی قصاب مارکیٹ کا بھی معائنہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی سکیم پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔

بقیہ 23

دوران ڈپٹی کمشنر جنید اقبال خان نے محکمہ صحت کے افسران سے ضلع بھر میں صحت کی سہولیات، سرکاری اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی صورتحال، طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور جاری صحت کی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں اس موقع پر انہوں نے صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، اسپتالوں میں صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور علاج معالجے کے معیار کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے اپنے ریونیو عملے کے افسران اور اہلکاروں سے تعارفی اجلاس کیا، جس میں ضلع کے ریونیو معاملات، سرکاری امور، عوامی شکایات اور انتظامی ذمہ داریوں کے حوالے سے بریفنگ لی ڈپٹی کمشنر جنید اقبال خان نے افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ ادا کریں، عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور سرکاری امور میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کے ذریعے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 24

اور سلمان صفدر کی جیل میں ہونے والی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے بشریٰ بی بی اور اپنی بہنوں سمیت تمام خواتین اسیران کی رہائی کیلئے فوری طور پر مذاکرات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے پارلیمانی پارٹی کو خواتین کی رہائی اور دیگر تمام اہم سیاسی معاملات پر حکومت یا متعلقہ فریقین سے مذاکرات کرنے کا باضابطہ مینڈیٹ دے دیا ہے، اور پیغام دیا ہے کہ تمام خواتین اسیران کی رہائی پارٹی کی اولین ترجیح ہوگی۔

بقیہ 25

وزیر پارلیمانی امور کو ارسال کی گئی، جنہوں نے سمری منظوری کے لیے ایوان وزیراعلیٰ بھجوا دی ہے۔ گورنر پنجاب کی جانب سے سمری کی منظوری کے بعد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ اجلاس طلب کرنے کا حتمی نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

بقیہ 26

کی جرات، بہادری اور فرض شناسی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے امن وسلامتی کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے والے پولیس اہلکار قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔ شہدا نے اپنے لہو سے ثابت کیا کہ پاکستان کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سکیورٹی اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، پوری قوم اپنے شہدا کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے، انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 27

پولیس سنٹرل ریجن سید عمران احمد کے مطابق موٹروے ایم 4 کو پنڈی بھٹیاں سے عبدالحکیم تک ہیوی ٹریفک کے لیے بند کیا گیا ہے جبکہ موٹروے ایم 5 پر ملتان سے ظاہر پیر تک دھند کے باعث ٹریفک کی آمدورفت روک دی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق موٹرویز کی بندش کا مقصد شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ دھند کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے اور اگر سفر ناگزیر ہو تو دن کی روشنی میں سفر کو ترجیح دی جائے۔ موٹروے پولیس نے شہریوں کو ہدایت کی کہ دھند کے موسم میں محفوظ سفر کے لیے صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک کا وقت اختیار کریں، دوران سفر گاڑی کی رفتار کم رکھیں اور اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ برقرار رکھیں۔ ترجمان نے کہا کہ ڈرائیورز لین کی پابندی کریں، غیر ضروری اوورٹیکنگ اور اچانک بریک لگانے سے گریز کریں جبکہ دھند میں فوگ لائٹس کا استعمال کریں اور گاڑی کی ہیڈ لائٹس، بیک لائٹس اور وائپرز کو درست حالت میں رکھیں۔ موٹروے پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ محفوظ سفر کے لیے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں اور دھند کے دوران غیر ضروری خطرہ مول نہ لیں۔

بقیہ 28

سے کوئی تعلق نہیں۔ خیبر پختونخوا کے عوام مساجد کو دہشت گردی کیلئے استعمال کرنے والے عناصر کی ہر سطح پر کھل کر مذمت کر رہے ہیں، سوات، تیمرگرہ، کرک، بنوں اور چترال کے عوام نے دہشت گردوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سوات اور وزیرستان میں مساجد کو دہشت گردی اور دھماکا خیز مواد کی تیاری کے لیے استعمال کرنا قابل مذمت ہے۔ عوام نے کہا کہ مساجد کو دہشت گردی کیلئے استعمال کرنے والے عناصر دین اسلام کی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں، دہشت گرد عناصر مساجد کو پناہ گاہ اور ڈھال بنا کر اپنے مذموم عزائم کو مذہبی رنگ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

بقیہ 29

اثاثے، آلات، سی سی ٹی وی نگرانی کے نظام، مواصلاتی نیٹ ورک، فائبر آپٹک کیبل یا دیگر بنیادی ڈھانچے کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ نئے قانون کے تحت اتھارٹی کو سرکاری اور نجی سی سی ٹی وی کیمروں اور فائبر آپٹک نیٹ ورکس کا معائنہ کرنے اور انہیں اپنے نظام سے منسلک کرنے کا اختیار بھی دے دیا گیا ہے۔ یہ اقدام ڈیجیٹل نگرانی کو بہتر بنانے اور عوامی تحفظ یقینی بنانے کے لیے کیا جا سکے گا، تاہم اس مقصد کے لیے سکیورٹی وجوہات کو تحریری طور پر ریکارڈ کرنا ضروری ہوگا۔ آرڈیننس میں واضح کیا گیا ہے کہ اس اختیار کے استعمال کے دوران شہریوں کی نجی زندگی کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، نجی رہائش گاہوں یا ایسی جگہوں پر، جو عوام کے لیے کھلی نہیں ہیں، یہ اختیار استعمال نہیں کیا جا سکے گا۔

بقیہ 30

اسکیمز اور پیکا ایکٹ 2016 (ترمیمی 2025) کے اہم قانونی پہلوؤں کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے۔ شرکاء کو این سی سی آئی اے پورٹل اور ہیلپ لائن کے ذریعے سائبر کرائم رپورٹ کرنے کے طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا جا رہا ہے تاکہ کسی بھی آن لائن جرم کی صورت میں بروقت متعلقہ ادارے سے رجوع کیا جا سکے۔

بقیہ 31

کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ میں ملوث پانچوں ملزمان کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا۔ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او اٹک نے مزید تحقیقات کا حکم دے دیا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 32

اسپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رسجا) کے عہدیداروں اور ممبران سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں رسجا کے چیئرمین شکیل اعوان، سیکرٹری امیرین علی، زاہد فاروق ملک، شاکر عباسی، اصغر علی مبارک، فرحان جعفری، سیکرٹری اطلاعات عاصم ریاض اور دیگر ممبران شریک تھے۔ اس موقع پر رسجا کے عہدیداروں اور ممبران نے ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ چیئرمین رسجا شکیل اعوان نے ایس ایس پی آپریشنز کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ملک طارق محبوب نے کہا کہ الحمدللہ راولپنڈی میں قومی اور بین الاقوامی کرکٹ ایونٹس کا کامیاب انعقاد ہوا ہے،

بقیہ 33

کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیشن ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور عاطف امیر نے منعقد کیا۔ اس دوران شرکاء کو آن لائن حفاظت، سائبر بلیک میلنگ و ہراسانی، سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی سکیورٹی، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ، مالی فراڈ، آن لائن گیمنگ اسکیمز اور پیکا ایکٹ 2016 (ترمیمی 2025) کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ شرکاء کو این سی سی آئی اے پورٹل اور ہیلپ لائن کے ذریعے سائبر کرائم رپورٹ کرنے کے طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا گیا تاکہ کسی بھی آن لائن جرم کی صورت میں بروقت متعلقہ ادارے سے رجوع کیا جا سکے۔

بقیہ 34

کے دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ کاہنہ پولیس نے فارم ہاؤس مالک فیاض عرف فیضی اور ٹک ٹاکر نعمان کو گرفتار کر لیا، حملہ آور شیرنی کو فارم ہاؤس سے وائلڈ لائف کی تحویل میں دے دیا گیا، نعمان ٹک ٹاک ویڈیو بنانے کے لیے فارم ہاؤس پہنچا تھا جہاں شیرنی قابو سے باہر ہوگئی، شیرنی کے حملے سے فارم کا ملازم 19 سالہ طلحہ شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی طلحہ کو علاج کے لیے نجی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ جانبر نہ ہو سکا۔ واقعے کی حقیقت چھپانے کے لیے شیرنی کے حملے کو کتے کا حملہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ مشکوک صورتحال کی جانچ کی گئی تو شیرنی کے حملے کا انکشاف ہوا۔ متوفی کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دی گئی۔

بقیہ 35

پختونخوا پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے دہشتگردوں کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے فرض شناسی، جرات اور بہادری کی عظیم مثال قائم کی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ وطن عزیز کے امن وسلامتی کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکار قوم کے ہیرو ہیں، پوری قوم اپنے بہادر پولیس افسران اور جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وزیراعظم نے شہداء کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ وزیراعظم نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائی میں 18 خوارج کی ہلاکت کو خیبر پختونخوا پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہادری اور دہشتگردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کا مظہر قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر اور فتن الخوارج کا گٹھ جوڑ ملک میں بدامنی پھیلانے کی مذموم کوشش ہے، ایسے عناصر کو ان کے ناپاک عزائم میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ شہباز شریف نے کہا خیبر پختونخوا پولیس نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و اہلکار جس جرات اور ثابت قدمی سے فرائض انجام دے رہے ہیں وہ لائق تحسین ہے۔

بقیہ 36

مینجمنٹ، عوامی سہولیات اور دیگر ضروری امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے متوقع دورے کے پیش نظر تمام انتظامات بروقت اور مؤثر انداز میں مکمل کیے جائیں، جبکہ سکیورٹی، صفائی ستھرائی، ٹریفک کی روانی اور دیگر انتظامی امور کو خصوصی اہمیت دی جائے۔ ڈی پی او محمد عاصم نے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے متعلقہ پولیس افسران کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے فول پروف سکیورٹی اور بہترین ٹریفک انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ وزیراعلیٰ پنجاب کے متوقع دورے کے انتظامات احسن انداز میں مکمل کیے جا سکیں۔

بقیہ 37

دن کی روشنی میں دیدہ دلیری سے گھروں میں داخل ہو کر وارداتیں کرتے تھے، ملزمان گھروں کے دروازے کھلے دیکھ کر اندر داخل ہوتے اور موبائل فون اٹھا کر فرار ہو جاتے تھے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو گھروں میں جھانکتے اور اندر داخل ہوتے ہوئے بھی دیکھا جا سکتا ہے، ملزمان موٹرسائیکل پر سوار ہو کر شہر کے مختلف علاقوں میں موبائل سنیچنگ کی وارداتیں کرتے تھے، جبکہ دورانِ واردات اسلحہ استعمال کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے تھے۔

بقیہ 38

اقدامات کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان اوقاف میں محکمانہ افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے بتایا کہ محکمہ اوقاف نے ''ہیرٹیج اینڈ پیچر زگیلریز ایٹ صوفی شرائنز'' کے عنوان سے ایک جامع تصویری رپورٹ مرتب کی ہے

بقیہ 39

طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ بعد ازاں انہوں نے گورنمنٹ بوائز و گرلز ہائی سکول تلہ گنگ کا معائنہ کیا اور تعلیمی وتدریسی سرگرمیوں، اساتذہ وطلبہ کی حاضری، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں میں معیاری تدریسی ماحول، نظم وضبط اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی وطبی خدمات کے معیار میں بہتری حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 40

شریف چودھری نے کہا کہ پاکستانی فوجی پہلے ہی سعودی عرب میں مختلف ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، پاکستانی فوجیوں کی بنیادی ذمہ داریوں میں دفاعی معاونت، فوجی مشقیں اور تربیتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے بعد مکہ دفاعی اتحاد کی ذمہ داریوں پر عملی پیش رفت شروع ہوئی ہے، پاکستان نے سعودی شہروں، ہوائی اڈوں اور شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 26 اکتوبر کو تہران میں ایران کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا مقصد کشیدگی کم کرنے کا لائحہ عمل تیار کرنا تھا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تہران ملاقات میں شرکت پاکستان کی مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کا اظہار ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ چاروں ممالک نے علاقائی امن واستحکام کیلئے مذاکرات اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ 41

دیگر سائبر جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ کاوشوں کا بھی جائزہ لیا گیا، اس موقع پر CSAM جیسے سنگین جرم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر زور دیا گیا اور بچوں کے تحفظ، ایسے مواد کی فوری نشاندہی، رپورٹنگ اور ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی پر اتفاق کیا گیا، ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ سائبر جرائم بالخصوص CSAM کا مؤثر مقابلہ کرنے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان قریبی رابطہ ناگزیر ہے۔

بقیہ 42

کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور درخواستوں پر میرٹ، شفافیت اور قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے افسران پر زور دیا کہ عوام کو تیز رفتار، شفاف اور میرٹ پر مبنی خدمات کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیح اور کارکردگی کا بنیادی معیار بنائیں۔

بقیہ 43

کے مطابق مقتول کی شناخت بلال کے نام سے ہوئی ہے، جو ملتان کا رہائشی تھا اور اسے فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔ لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ ملزم یا ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کی خصوصی ٹیمیں متحرک ہیں اور واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا اور متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 44

میں قتل کے مقدمے میں گرفتار ملزمان کو مبینہ طور پر غیر قانونی معاونت فراہم کرنے کے الزامات بھی شامل تھے۔ ابتدائی تصدیق کے بعد متعلقہ اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کرتے ہوئے باقاعدہ محکمانہ انکوائری اور احتساب کے احکامات جاری کر دیے گئے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل ٹمن اڈے پر دو فریقین کے درمیان تصادم کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں نوجوان ملک اسد جاں بحق ہو گیا تھا، جس کے بعد ڈی پی او چکوال نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے مقدمے میں نامزد ملزمان کی گرفتاری یقینی بنائی تھی۔

بقیہ 45

کی کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے اور درخواستوں پر میرٹ، شفافیت اور قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے افسران پر زور دیا کہ عوام کو تیز رفتار، شفاف اور میرٹ پر مبنی خدمات کی فراہمی اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اور شہریوں کو درپیش مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام سرکاری محکموں کے سربراہان کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوام کے لیے دستیاب رہیں، شہریوں کے مسائل براہ راست سنیں اور ان کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ 46

کی فراہمی اور پولیس سروسز کے معیار کو بہتر بنانا اولین ترجیح ہے۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مضبوط بنانا اور شہریوں کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ، فوری اور شفاف انصاف کی فراہمی اور بہترین پولیسنگ سروسز بنیادی ذمہ داری ہے، جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈی پی او نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر مقررہ وقت کے اندر نمٹائی جائیں اور ہر صورت میرٹ اور قانون کے مطابق انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 47

خارجی راستوں پر مؤثر چیکنگ اور نگرانی کے نظام کو فعال رکھا جائے، جبکہ اسٹیڈیم اور اس کے گردونواح میں مشکوک افراد، اشیاء اور سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات تمام افسران و اہلکار اپنے مقررہ پوائنٹس پر موجود رہیں اور فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ برتی جائے۔ آر پی او نے مزید کہا کہ سکیورٹی پر مامور نفری کی مسلسل مانیٹرنگ، تمام ڈیوٹی پوائنٹس کے درمیان مؤثر رابطے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ کاری برقرار رکھی جائے، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹنے کے لیے مربوط رسپانس میکانزم یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 48

روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات، جرائم کے تدارک کی حکمت عملی، تفتیش کے نظام، پولیس کی آپریشنل ذمہ داریوں اور عوامی خدمت کے حوالے سے ریجنل پولیس کی ترجیحات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مؤثر پولیسنگ کے لیے جرائم کی نوعیت، علاقائی صورتحال اور مقامی مسائل کو سمجھنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 49

میں 3 رکنی بینچ نے کی۔ دوران سماعت عطا تارڑ کے وکیل تجمل سواتی اور (ن) لیگ کے امیدوار راشد بشیر ورک، ن لیگ کی ایم پی ایز اور حکومتی عہدیدار عاصمہ ناز اور قدسیہ بتول، ڈی سی، آر او اور ڈی ایم او بھی الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید نے بتایا کہ مرکزی مسلم لیگ کے امیدوار نے ڈی آر او کے پاس درخواست دی جبکہ عطا تارڑ اور فاروق تارڑ نے حلقے کا دورہ کیا۔ اسپیشل سیکرٹری ظفر اقبال نے بتایا کہ درخواست میں کہا گیا عطا تارڑ نے حلقے کا دورہ کیا، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی، ان کو دو سال کی سزا ہو سکتی ہے، الیکشن کمیشن سخت ایکشن لے، عہدے والے ایم این اے اور وزرا حلقے میں پھرتے رہے، جس پر چیف الیکشن کمشنر نے سوال کیا کہ وزیر اطلاعات کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا، وہ کہاں ہیں؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے عطا تارڑ کے وکیل تجمل سواتی نے بتایا کہ وزیر اطلاعات سرکاری غیر ملکی دورے پر ہیں۔ جواب سن کر چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ وزیر اطلاعات نے دورے میں صرف میڈیا کو ریچ ہی کرنی ہے اور کیا کرنا ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس 14 نومبر 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (این ای این) آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروسز اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔ آئیسکو کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / کنسٹرکشن ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم سرکلز اور جی ایس او سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ بروز ہفتہ، 14 نومبر 2026ء اسلام آباد سرکل: صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: محفوظ شہید/شہزاد ٹاؤن، سکیم-II، فیڈرز۔ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: سی ڈی اے فلیٹس، پاک چائنا سینٹر، جی-6/3، سی ڈی اے آفس، واپڈا کالونی، اے ڈی بی پی، ستارہ مارکیٹ، مرُوی روڈ، جی-8/4، سدھران روڈ، کورال، سملی ڈیم، ایوب مارکیٹ، جی-9/3، ایچ-8، آئی-10/4، ایچ-11/4، جی-14/4، ڈی-12/1، ریہارا، سی ایم پاک زونگ، گری، آئی ٹی پارک، کمپنی باغ، بریاں، شاہدرہ، کوٹلی ستیاں، سروس روڈ ایسٹ، یوسی روڈ، خانہ ایسٹ، فیڈرز۔ راولپنڈی سٹی سرکل: صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: کے آر ایل، فیڈر۔ صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک: اے بلاک، فیڈر۔ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: اے او ڈبلیو ایچ ایس، اے بلاک، غوثیہ کالونی، ای بلاک، بی بی ایچ، قائداعظم ہسپتال، شمس کالونی، کوہ لائن، فضائیہ کالونی، ہڈری چوک، فیض آباد، شہید محمد دین، اے ایف او ایچ ایس، النور کالونی، قدیر روڈ، فاروق اعظم، طارق شہید، کنگال، شمس آباد، سبحان الدین، کے ایس ایس، آریہ محلہ، تھسما آباد، میجر مسعود، جامع مسجد، جناح روڈ، بنی، مدینہ کالونی، پیپلز کالونی، پشاور روڈ، ملت آباد، کیپٹن عامر شہید، اظہر آباد، زرکون ہائٹس، ڈھوک سلیمان، لکھو روڈ، بے نظیر بھٹو ایس، سی ڈی ایل کالونی، گولڑہ، جھنگی، سی ڈبلیو او، فیڈرز۔ راولپنڈی کینٹ سرکل: صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال، سوہان گارڈن-I، سوہان گارڈن-II، جیل پارک، کار چوک پارک ویو، اے او ڈبلیو ایچ ایس، سابق وکلاء کالونی ڈی، محبوب شہید، آر آئی سی، گریسی لائن، تکبیر-1، کھسالا، نیو جی ایچ کیو، کلیال پل، پور، اڈیالہ، حیدر روڈ، جہانگیر روڈ، پی اے ایف، این پی ایف-II، نیازیاں، سکیم-III، پنڈی بورڈ، اسٹیٹ بینک، سی ایم ایچ فلیٹس، گلشن آباد، مورات، شاہ جیون کالونی، چنگی نمبر 22، چکری، فضل احمد شہید، نڑھ، غازی خان، ساغری، خواجہ، کھمٹی، کلیام، کرنب کسوال، نشان حیدر، گگن، سدھن گلی، دھلی-1، کوہالہ، فاطمہ جناح، فیڈرز۔ صبح 00:09 بجے سے شام 00:05 بجے تک: نیو جی ایچ کیو، فیڈر۔ اٹک سرکل: صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: ایچ ای سی او، گڑھی افغاناں، انڈسٹریل اسٹیٹ بھتر، پورمیانہ، لالہ رخ، لالہ زار، خان آباد، کاشف گل، فیڈرز۔ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: ہرو، گھوری، وحدت کالونی (ڈی/سی)، کوہسار کالونی، پسوال، ڈی-17، کاشف گل، مکس انڈسٹری، لالہ زار، انڈسٹریل، شفیع چوہان، برہان، ویسا، چھچھ، جی بی سی-III، غور غشتی، نرتوپہ، فوارہ چوک، گولڑہ ڈی/سی، کھرپہ، غریب وال، عظیم شہید، مورات، پری، محفوظ شہید، احمدال، فتح جنگ (ڈبل سرکٹ)، دھمنیر، فیڈرز۔ جہلم سرکل: صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: کریم پورہ، بلال ٹاؤن، ایف-3 (گل افشاں)، منڈی بھلوال، ایف-6 مشین محلہ، جکلو، چمالہ، نیو ڈومیلی، سوہن، گڈاری، نیو سنگھوئی، ممتاز شہید، کروڑی، سوہاوہ کچہری، چھپر شریف، ڈھورہ بدھال، قاضیاں، سٹی ہاؤسنگ، سنگھوئی، صفدر شہید، نکوالہ، فیڈرز۔ چکوال سرکل: صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: مرید، دھرابی، القائم مل، پی اے ایف، کے ایس ایم یونٹ-3، فیڈرز۔ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: کریالہ، بلکسر، پہلی، اڈہ بازار، جالوال، منارہ، انوار آباد، ڈیرہ مسلم، ڈھڈیال ایکسپریس، سیگل آباد، سرکل، ڈنڈوت، دھریالہ جالپ، کٹاس، للہ ٹاؤن، کچہری، جلال پور، ڈھرنال، سٹلہ، تلہ گنگ سٹی، جھطلہ، پیر افتیال، تھوہا محرم خان، دروٹ، دنہار، میال، کلر کہار، پی اے ایف، فیڈرز۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے۔ صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk / آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO Official)، ٹویٹر/X/اکاؤنٹ (IESCO Updates) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 50

پروگرام کے تحت مفاد عامہ کے حوالے سے جاری ترقیاتی منصوبہ جات بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے اس موقع پر افسران کو پی ڈی پی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ وقت مقررہ کے اندر اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 51

تعاون سے منعقد ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ سرور فاؤنڈیشن گزشتہ برسوں کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے کیمپ میں مریضوں کی آنکھوں کا مکمل معائنہ کیا جائے گا۔

بقیہ 52

وفاقی کابینہ میں چھوٹے صوبوں کی تشکیل اور ممکنہ طور پر 12 صوبے بنانے کے معاملے پر تاحال کوئی باضابطہ گفتگو نہیں ہوئی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اب ملک چلانے والوں کو بھی احساس ہو رہا ہے کہ مزید انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبے بنائے بغیر پاکستان کو موجودہ نظام کے تحت چلانا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 سال کسی بھی نظام کی کارکردگی جانچنے کے لیے کافی ہوتے ہیں، اگر کسی کو نظام بہتر کرنا ہوتا تو اتنے عرصے میں کر لیا جاتا، لیکن آج ملک میں محرومی اور بددلی بڑھ رہی ہے۔ موجودہ نظام لوگوں میں ریاست سے دوری پیدا کر رہا ہے اور بعض افراد اسی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ نظام گویا ایسے لوگوں کو جنم دینے کی فیکٹری بن گیا ہے جو ریاست سے لڑنے لگتے ہیں۔

بقیہ 53

جبکہ سیف سٹی اور دیگر سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے لمحہ بہ لمحہ نگرانی جاری ہے اور مؤثر مانیٹرنگ کے لیے خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ 54

لازمی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جواد ظفر نے حراستی ملزم پر مبینہ تشدد سے متعلق اہم فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے یہ فیصلہ ندیم مسیح کی جانب سے دائر درخواست پر سنایا۔ درخواست گزار کے مطابق فیصل آباد پولیس نے اس کے بھائی کو حراست میں لے کر تشدد کا نشانہ بنایا تھا۔

بقیہ 55

افراد کو ایک تندرست، فعال اور بھرپور زندگی گزارنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ عالمی یوم ذیابیطس کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم نے کہا کہ ذیابیطس دنیا بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اس وقت دنیا میں تقریباً 58 کروڑ افراد اس مرض کا شکار ہیں جبکہ پاکستان میں متاثرہ افراد کی تعداد ساڑھے تین کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ انہوں نے موٹاپے، غیر متوازن خوراک، جسمانی سرگرمیوں کی کمی اور موروثی عوامل کو اس بیماری کے بڑھتے ہوئے خطرات کا بنیادی سبب قرار دیا اور شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ متوازن غذا اپنائیں، روزانہ ورزش یا چہل قدمی کریں اور باقاعدگی سے بلڈ شوگر ٹیسٹ کرائیں۔

بقیہ 56

ضمن میں کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ماہ کے دوران ضلع نارووال کی تینوں تحصیلوں میں محکمہ صحت کی ٹیموں کی جانب سے بھرپور اسپیکشنز کی گئیں

بقیہ 57

رکھنے والی سرزمین ہے سندھ ہماری دھرتی اور ہمارا وطن ہے ہم دریائے سندھ اور موئن جو دڑو کے وارث ہیں اس لیے سندھ کی وحدت تاریخی شناخت جغرافیائی حیثیت خودمختاری اور قدرتی وسائل کا تحفظ ہر سندھی کا قومی اور آئینی حق ہے سید زین شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ سندھ کو دیوار سے لگانے اور صوبے کے عوام کے جائز حقوق کو نظرانداز کرنے کی پالیسی کسی صورت قابل قبول نہیں سندھ کے تعلیمی نظام کو درپیش مسائل پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہوتی ہے انہوں نے کہا کہ سندھ کے تعلیمی نظام کو تباہی سے بچانے نوجوان نسل کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور سرکاری تعلیمی اداروں کی حالت بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں انہوں نے سندھ کی زرعی زمینوں اور زراعت کو درپیش خطرات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سندھ ایک زرعی صوبہ ہے جہاں لاکھوں افراد کا روزگار زراعت اور اس سے وابستہ شعبوں سے جڑا ہوا ہے سندھ کی زرخیز زمینوں کو بنجر بنانے والے اقدامات روکے جائیں اور پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جائے کیونکہ پانی کے بغیر سندھ کی زراعت معیشت اور عوام کا مستقبل محفوظ نہیں رہ سکتا سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر نے ملک کی مجموعی معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے افراد کی مشکلات مسلسل بڑھ رہی ہیں مہنگائی بے روزگاری اور معاشی عدم استحکام نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے مزدور کسان محنت کش اور متوسط طبقہ بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے مشکلات کا سامنا کر رہا ہے اس لیے ضروری ہے کہ عوامی خوشحالی روزگار کی فراہمی اور معاشی بہتری کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں انہوں نے دریائے سندھ کے پانی ڈیلٹا کی تباہی این ایف سی ایوارڈ اور نئے کینالز کے منصوبوں پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے پانی سے متعلق معاملات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں دریائے سندھ صرف ایک دریا نہیں بلکہ سندھ کی تہذیب زراعت معیشت اور زندگی کا بنیادی ذریعہ ہے دریائے سندھ میں پانی کی مناسب فراہمی نہ ہونے سے زرعی معیشت ماہی گیری ماحولیات اور خصوصاً انڈس ڈیلٹا کو شدید خطرات لاحق ہیں ان مسائل کو نظرانداز کرنے کے بجائے سندھ کے عوام کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے منصفانہ فیصلے کیے جائیں سید زین شاہ نے مزید کہا کہ نئے کینالز کے منصوبوں پانی کی تقسیم اور قدرتی وسائل سے متعلق فیصلے کرتے وقت سندھ کے آئینی حقوق اور عوامی مفادات کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے این ایف سی ایوارڈ کے معاملے میں بھی سندھ کو اس کے جائز آئینی اور معاشی حقوق فراہم کیے جائیں انہوں نے کہا کہ سندھ نے پاکستان کے قیام اور وفاق کی مضبوطی میں تاریخی کردار ادا کیا ہے لہٰذا وفاقی اکائیوں کے حقوق وسائل کی منصفانہ تقسیم اور آئینی خودمختاری کا احترام کرنا ضروری ہے اس موقع پر سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی وائس چیئرمین روشن برڑو اور دیگر پارٹی رہنماؤں نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کی وحدت خودمختاری قومی شناخت پانی اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے سیاسی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ کسی ایک جماعت یا گروہ کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پوری قوم کا مشترکہ معاملہ ہے جس کے لیے تمام سیاسی سماجی اور جمہوری قوتوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے پارٹی رہنماؤں نے کہا کہ وحدتِ سندھ مارچ کا بنیادی مقصد سندھ کی وحدت خودمختاری تاریخی شناخت اور قومی و آئینی حقوق کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرنا ہے سندھ کے عوام کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر پرامن جمہوری اور آئینی جدوجہد میں بھرپور حصہ لینا ہوگا انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی کے پیغام کو گاؤں دیہات شہروں اور عوامی حلقوں تک پہنچائیں اور سندھ کے حقوق کی آواز کو مؤثر انداز میں بلند کریں پریس کانفرنس کے اختتام پر سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی مرکزی قیادت نے اپنے سیاسی جدوجہد کے نعرے اپنی دھرتی اپنا اختیار سندھ چاہیے خودمختار کو دہراتے ہوئے کہا کہ تبدیلی کا انتظار کرنے کے بجائے تبدیلی کا حصہ بننے کی ضرورت ہے انہوں نے سندھ کے عوام نوجوانوں سیاسی کارکنوں اور باشعور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ سندھ کی وحدت خودمختاری اور وسائل کے تحفظ کے لیے پرامن جمہوری جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گاؤں رسول آباد سومرو میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی مرکزی قیادت کی آمد، کارکنوں سے ملاقات اور پریس کانفرنس کو وحدتِ سندھ مارچ کے سلسلے کی ایک اہم سیاسی سرگرمی قرار دیا گیا، جس میں سندھ کے قومی حقوق، پانی کے مسائل معاشی مشکلات تعلیمی نظام زرعی زمینوں اور صوبے کی آئینی حیثیت جیسے اہم معاملات کو اجاگر کیا گیا۔

اسلام آباد سیف سٹی اتھارٹی کے اثاثوں کو نقصان پہنچانا قابلِ سزا جرم قرار

مداخلت، غلط استعمال یا ان کے کام میں رکاوٹ ڈالنا بھی جرم تصور ہوگا، جس پر کم از کم 2 سال قید، 2 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا

یہ اقدام ڈیجیٹل نگرانی کو بہتر بنانے اور عوامی تحفظ یقینی بنانے کے لیے کیا جا سکے گا، تاہم اس مقصد کے لیے سیکورٹی وجوہات کو تحریری طور پر ریکارڈ کرنا ضروری ہوگا

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی دارالحکومت میں نافذ کیپیٹل سیف سٹی اتھارٹی آرڈیننس 2026 کے تحت سیف سٹی اتھارٹی کے اثاثوں، آلات، نگرانی کے نظام یا دیگر تنصیبات کو نقصان پہنچانا، تباہ کرنا یا ہٹانا قابلِ سزا جرم قرار دے دیا گیا ہے۔ ان تنصیبات میں رد و بدل، مداخلت، غلط استعمال یا ان کے کام میں رکاوٹ ڈالنا بھی جرم تصور ہوگا، جس پر کم از کم 2 سال قید، 2 لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔ آرڈیننس کے مطابق کوئی بھی شخص قانونی اجازت کے بغیر اتھارٹی کی ملکیت، زیرِ انتظام یا کنٹرول میں موجود کسی (بقیہ نمبر 29)

تمام سرکلز میں سائبر آگاہی سیشنز کے دوسرے مرحلے کا آغاز

طلبہ و طالبات کو ڈیجیٹل سیفٹی، سائبر بلیک میلنگ اور ہراسانی سے متعلق آگاہی کی فراہمی جاری

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے تمام سرکلز میں سائبر آگاہی سیشنز کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے جس کے تحت اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کے طلبہ و طالبات کو ڈیجیٹل سیفٹی، سائبر بلیک میلنگ اور ہراسانی سے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق تعلیمی اداروں میں منعقد ہونے والے ان سیشنز میں طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ سیشنز کے دوران شرکاء کو سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی سیکیورٹی، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ، مالی فراڈ، آن لائن گیمنگ (بقیہ نمبر 30)



الجزاری اکیڈمی لاہور میں واش سیکٹر میں تحقیق اور جدت کے فروغ کے لئے صوبائی واش سیکٹر ریسرچ کمیٹی کے پہلے اجلاس کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

نوجوانوں میں سائبر آگاہی پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت

این سی سی آئی اے لاہور اور ہمدرد فاؤنڈیشن کے اشتراک سے سائبر آگاہی سیشن کا انعقاد

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) لاہور نے ہمدرد فاؤنڈیشن کے اشتراک سے سائبر آگاہی سیشن کا انعقاد کیا، جس میں اسکول و کالج کے طلبہ، سول سوسائٹی کے اراکین اور ہمدرد فاؤنڈیشن کے نمائندگان (بقیہ نمبر 33)

شیرنی کے حملے میں 19 سالہ نوجوان جاں بحق

فارم ہاؤس مالک اور نگ ٹاکر گرفتار، شیرنی کے حملے کو کتے کا حملہ ظاہر کرنے کی کوشش

لاہور (این این آئی) لاہور میں کاہنہ کے علاقہ میں نجی فارم ہاؤس پر شیر کے حملے سے 19 سالہ کیئر ٹیکر جاں بحق ہو گیا۔ پنجاب وائلڈ لائف نے اطلاع ملنے پر قانونی کارروائی شروع کر دی، واقعہ گزشتہ روز پیش آیا، زخمی کیئر ٹیکر کو ہسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں وہ دم توڑ گیا۔ وائلڈ لائف حکام نے کہا کہ پولیس نے بریڈنگ فارم مالکان کے خلاف مقدمہ درج کر (بقیہ نمبر 34)

کراچی، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے مجاہد اکبر خان اور ڈائریکٹر کراچی زون منتظر مہدی ترقی پانے والے افسران کو نئے عہدوں کے بیجز لگا رہے ہیں

جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے پولیس اہلکار قوم کے ہیرو ہیں، شہباز شریف

جرائم پیشہ عناصر اور فتن الخوارج کا گٹھ جوڑ ملک میں بدامنی پھیلانے کی مذموم کوشش ہے، ایسے عناصر کو ان کے ناپاک عزائم میں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے

کوہاٹ میں ویلس کے بہادر افسران اور جوانوں نے دہشتگردوں کے خلاف لڑتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کر کے فرض شناسی، جرات اور بہادری کی عظیم مثال قائم کی

اسلام آباد/کوہاٹ (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کوہاٹ کے علاقے دارہ بکاخ میں دہشتگردوں کے حملے میں ڈی ایس پی حیدر زمان سمیت خیبر پختونخوا پولیس کے 10 اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق شہباز شریف نے دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ خیبر (بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ پنجاب کے متوقع دورہ تلہ گنگ کے انتظامات کا جائزہ

سکیورٹی، صفائی ستھرائی، ٹریفک کی روانی اور دیگر انتظامی امور کو خصوصی اہمیت دی جائے

تلہ گنگ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب ملک شہریار اعوان، رکن پنجاب اسمبلی ملک فلک شیر اعوان، ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ سارہ حیات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عاصم نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے متوقع دورہ تلہ گنگ کے سلسلے میں مختلف مقامات کا دورہ کر کے انتظامی اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر دورے کے حوالے سے انتظامات، سکیورٹی پلان، ٹریفک (بقیہ نمبر 36)

صوفی مزارات کی ہیریٹیج و تصویری گیلریوں کو اجاگر کرنے کا فیصلہ

ثقافتی اہمیت کو اجاگر کرنا حکومت پنجاب کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، ڈاکٹر احسان

لاہور (این این آئی) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف و مذہبی امور پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ اسلامی ورثے کا تحفظ اور صوفیا کرام کی روحانی، تہذیبی اور ثقافتی خدمات کو اجاگر کرنا حکومت پنجاب کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق محکمہ اوقاف و مذہبی امور صوبے کے قیمتی مذہبی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ اور صوفیا کرام کی تعلیمات و خدمات کو نمایاں کرنے کے لیے عملی (بقیہ نمبر 38)

معروف واٹر پلانٹ پانی کا سیمپل فیل ہونے پر بند

فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، ٹولنٹن مارکیٹ سے 1150 کلو ناقص مرغیاں برآمد

لاہور (این این آئی) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کے حکم پر شہر بھر میں خوراک کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے فوڈ پوائنٹس کی مسلسل مانیٹرنگ اور چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے مختلف کارروائیوں کے دوران 1150 کلو ناقص مرغیاں برآمد کر کے تلف کر دیں، جبکہ ماڈل ٹاؤن میں معروف واٹر پلانٹ کو پانی کا سیمپل فیل ہونے پر بند کر دیا گیا۔

لاہور، گھروں میں گھس کر وارداتیں کرنے والا گینگ گرفتار

لاہور (این این آئی) یادگار باغ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گھروں میں گھس کر موبائل فون چوری کرنے اور شہر کے مختلف علاقوں میں وارداتیں کرنے والے تین رکنی متحرک گینگ کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی سٹی ارشد حیات کانجو کے مطابق ملزمان کے قبضے سے موٹر سائیکل، موبائل فونز، نقدی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا گیا، ملزمان (بقیہ نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کا تلہ گنگ ہسپتال اور سرکاری سکولوں کا دورہ

تلہ گنگ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ سارہ حیات نے اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ کے ہمراہ سٹی ہسپتال تلہ گنگ اور گورنمنٹ بوائز و گرلز ہائی سکول تلہ گنگ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات، دستیاب سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹی ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کا جائزہ لیا اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری (بقیہ نمبر 39)

آر پی او بابر سرفراز الپا کا راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کا دورہ

ٹیسٹ میچ کے دوران فول پروف سکیورٹی ہر صورت یقینی بنائی جائے

راولپنڈی (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور پاکستان اور سری لنکا کے درمیان جاری ٹیسٹ میچ کے لیے کیے گئے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز راولپنڈی نے آر پی او کو میچ کے سکیورٹی پلان، پولیس نفری کی تعیناتی، ڈیوٹی پوائنٹس اور مجموعی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ آر پی او بابر سرفراز الپا نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ٹیسٹ میچ کے دوران فول پروف سکیورٹی ہر صورت یقینی بنائی جائے، اسٹیڈیم کے داخلی و (بقیہ نمبر 47)

54 یں کامن کے زیرِ تربیت اے ایس پیز کا آر پی او آفس راولپنڈی کا دورہ

انتظامی و جغرافیائی حدود، اضلاع کی حدود، جرائم کی مجموعی صورتحال پر بریفنگ

راولپنڈی (این این آئی) 54 ویں کامن کے زیرِ تربیت اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس آف پولیس (اے ایس پیز) نے ریجنل پولیس آفس راولپنڈی کا دورہ کیا، جہاں ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے زیرِ تربیت افسران کو راولپنڈی ریجن کی انتظامی و جغرافیائی حدود، اضلاع کی حدود، جرائم کی مجموعی صورتحال اور پولیسنگ کے مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ آر پی او نے افسران کو ریجن میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

واضح کرتا ہوں بلدیاتی الیکشن اسلام آباد میں ہونگے، چیف الیکشن کمشنر

وفاقی حکومت نے آرڈر کیا ہے، اسلام آباد بلدیاتی انتخابات میں ٹیچرز کی ڈیوٹی نہیں لگے گی، الیکشن کمیشن عملہ کہاں سے لائے گا؟

وفاقی حکومت کے آرڈر کا سختی سے نوٹس لیتے ہیں، وفاقی حکومت اسلام آباد بلدیاتی انتخابات سبوتاژ کرنا چاہتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ واضح کرتا ہوں بلدیاتی الیکشن اسلام آباد میں ہوں گے، وفاقی حکومت نے آرڈر کیا ہے، اسلام آباد بلدیاتی انتخابات میں ٹیچرز کی ڈیوٹی نہیں لگے گی، الیکشن کمیشن عملہ کہاں سے لائے گا؟، وفاقی حکومت کے آرڈر کا سختی سے نوٹس لیتے ہیں، وفاقی حکومت اسلام آباد بلدیاتی انتخابات سبوتاژ کرنا چاہتی ہے۔ الیکشن کمیشن نے این اے 77 گنی انتخابات میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کی ساعت چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی (بقیہ نمبر 49)



لاہور: سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ ایوان اوقاف لاہور میں محکمانہ افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیر صدارت ہفتہ وار اجلاس

پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے جاری منصوبے بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیر صدارت پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کا ہفتہ وار اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ قمر عثمان اور واسا اور میونسپل کمیٹیز کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نارووال نے اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نارووال کو پنجاب ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 50)

سرور فاؤنڈیشن ہسپتال کے زیر اہتمام 23 نومبر کو مفت آئی کیمپ ہوگا

مریضوں کو چیک اپ، آپریشن اور ادویات مفت میسر ہونگی، چودھری سرور

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب اور سرور فاؤنڈیشن کے بانی و چیئرمین چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ سرور فاؤنڈیشن 23 نومبر 2026 کو سرور فاؤنڈیشن ہسپتال رجانہ، ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں آنکھوں کے معائنہ کا مفت طبی کیمپ لگا رہی ہے۔ کیمپ صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک جاری رہے گا۔ یہاں آنے والے مریضوں کو مفت چیک اپ، مفت آپریشن مفت ادویات کی سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کیمپ المصطفیٰ ٹرسٹ کے (بقیہ نمبر 51)

چھوٹے صوبوں پر بجٹ سے پہلے اہم پیشرفت متوقع ہے، مصطفیٰ کمال

ملک چلانے والوں کو بھی احساس ہو رہا ہے مزید انتظامی یونٹس، چھوٹے صوبے بنائے بغیر پاکستان کو موجودہ نظام کے تحت چلانا مشکل ہے

موجودہ نظام لوگوں میں ریاست سے دوری پیدا کر رہا ہے، بعض افراد اسی ریاست کیخلاف ہتھیار اٹھانے پر آمادہ ہو جاتے ہیں، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک موجودہ انتظامی نظام کے تحت نہیں چل سکتا، ملک میں نئے صوبوں کی تشکیل سے متعلق فیصلہ اگلے بجٹ سے پہلے ہو سکتا ہے، پاکستان کے بڑے صوبے اور وہاں کی بڑی سیاسی جماعت کی جانب سے اب اس معاملے پر پہلے جیسی مخالفت دکھائی نہیں دے رہی بلکہ چھوٹے صوبوں کی حمایت میں پنجاب سے بھی اہم آوازیں سامنے آ رہی ہیں۔ پنجاب کی جانب سے اس معاملے پر بات ہونا ایک بڑی اور غیر معمولی تبدیلی ہے، (بقیہ نمبر 52)



لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، ماڈل ٹاؤن اور کینٹ ڈویژنز کی کارکردگی سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف آئی اے کو مقدمہ درج کرنے کا حکم دینے کی درخواست خارج

سرکاری اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے سے قبل متعلقہ اتھارٹی کی منظوری لازمی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے حراستی ملزم پر تشدد کے الزام میں ایف آئی اے کو مقدمہ درج کرنے کا حکم دینے سے متعلق درخواست خارج کر دی، عدالت نے قرار دیا ہے کہ سرکاری اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے سے قبل متعلقہ اتھارٹی کی منظوری (بقیہ نمبر 54)

ذیابیطس سے بچاؤ کیلئے خوراک، احتیاط، علاج اور سیر پر توجہ دیں

صحتمند رہنے کیلئے حفظانِ صحت کے اصولوں پر بھی سختی سے عمل کرنا ہوگا، پروفیسر جودت سلیم

لاہور (این این آئی) ذیابیطس کے مریض اگر متوازن غذا، باقاعدہ علاج، ضروری احتیاط اور روزانہ سیر و ورزش کو اپنا معمول بنا لیں تو سنگین پیچیدگیوں سے بچا جا سکتا ہے، بدقسمتی سے لاکھوں افراد اس مرض میں مبتلا ہونے کے باوجود اس سے لاعلم ہیں حالانکہ خون کا محض ایک قطرہ ہی شوگر کی تصدیق اور نشاندہی کے لیے کافی ہے طبی ماہرین کے مطابق بظاہر معمولی نظر آنے والی احتیاطی تدابیر اور طرز زندگی میں مثبت تبدیلیاں اس دائمی مرض کے شکار (بقیہ نمبر 55)



کراچی: سابق رکن سندھ اسمبلی سلیم خورشید کھوکھر کراچی پریس کلب میں ایڈووکیٹ شہباز سہوترا اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

6 ہزار اہلکار پاکستان، سری لنکا ٹیسٹ میچ کی سیکیورٹی پر تعینات

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان جاری ٹیسٹ میچ کے چوتھے روز سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے سیکیورٹی اور ٹریفک کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ تقریباً 6 ہزار افسران و اہلکار سیکیورٹی اور ٹریفک ڈیوٹی پر تعینات ہیں، جبکہ سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر ڈیوٹی پر مامور فورس کو چیک اور بریف کر رہے ہیں۔ اسٹیڈیم کے اطراف روف ٹاپس پر سنائپرز تعینات کیے گئے ہیں، (بقیہ نمبر 53)

عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 50 سے زائد کلینکس سیل

نارووال (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام کو معیاری اور محفوظ طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور علاقے کے خاتمے کے لیے ضلع نارووال میں عطائی ڈاکٹروں اور غیر قانونی طور پر قائم ہیلتھ کلینکس کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے واضح کیا ہے کہ انسانی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی اور اس (بقیہ نمبر 56)

کراچی: سابق رکن سندھ اسمبلی سلیم خورشید کھوکھر کراچی پریس کلب میں ایڈووکیٹ شہباز سہوترا اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سندھ کی وحدت تاریخی شناخت خود مختاری اور وسائل پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کریں گے

وحدتِ سندھ مارچ کے سلسلے میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی مرکزی قیادت کی گاؤں رسول آباد سومرو آمد کارکنوں سے ملاقات اور اہم پریس کانفرنس

سندھ کی تقسیم اور نئے صوبوں کے قیام کو مسترد کرتے ہوئے قومی آئینی سیاسی اور معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے جمہوری جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

این ایف سی ایوارڈ اور نئے کینالز کے منصوبوں پر سندھ کے عوام کے تحفظات دور کیے جائیں، سید زین شاہ روشن برڑو و دیگر کا بیان

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) وحدتِ سندھ مارچ کے سلسلے میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی مرکزی قیادت کی جانب سے ضلع کشمور کے علاقے کندھ کوٹ کے قریب گاؤں رسول آباد سومرو کا دورہ کیا گیا جہاں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ اور مرکزی وائس چیئرمین روشن برڑو پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کے ہمراہ پہنچے گاؤں آمد کے موقع پر پارٹی کارکنوں اور مقامی افراد کی جانب سے مرکزی قیادت کا استقبال کیا گیا اس موقع پر پارٹی رہنماؤں نے کارکنوں سے ملاقاتیں کیں ان کے ساتھ سیاسی اور تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور موجودہ ملکی و صوبائی سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی بعد ازاں مرکزی قیادت نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے سندھ کے قومی سیاسی معاشی آئینی اور جمہوری حقوق کے حوالے سے پارٹی کا واضح مؤقف پیش کیا پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے مرکزی صدر سید زین شاہ نے کہا کہ سندھ میں نئے صوبوں کا قیام کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا سندھ کی تقسیم سے متعلق باتیں سندھ کے عوام پہلے ہی مسترد کر چکے ہیں سندھ محض ایک انتظامی خطہ نہیں بلکہ ہزاروں سال پرانی تہذیب تاریخ ثقافت اور قومی شناخت (بقیہ نمبر 57)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوایں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035